1. Biotechnology has played a revolutionary role in improving our agriculture and production of high yields of crops.
2. Biotechnology techniques are also used for curing diseases and improving health.
3. Environmental problems, like pollution, degradation of land and sewage water, etc., are also resolved using biotechnology.

O How does biotechnology help in agriculture?

Ans. Biotechnology has played a revolutionary role in improving our agriculture and production of high yields of crops. Herbicides (weed killing chemicals) and pesticides (insect killing chemicals) are used to eliminate the crop enemies (weeds and insects). Such chemicals also cause damage to the crop plants. Using biotechnology, scientists insert weed resistance and pest resistance genes into the plants. Such genetically modified plants prepare proteins which are harmful for weeds and pest / insects.

Solved Exercise

Q1. Encircle the correct option.

(i) The additional circular pieces of DNA present in a bacterial cell are called:
(a) RNA (b) nucleotides
(c) chromatids **(d) plasmids**

(ii) What may be the objective of genetic modifications of plants?
(a) Production of disease resistant plants
(b) Improvement in nutritional quality of plants
(c) Production of herbicide resistant plants
(d) All of these

(iii) Plasmid and attached foreign gene with it are collectively called:
(a) recombinant cell **(b) recombinant DNA**
(c) recombinant plasmid
(d) recombinant chromosome

(iv) The organisms whose cells and plasmids are usually used in genetic engineering are:
(a) bacteria (b) fungi (c) algae (d) viruses

یونٹ 04
بائیوٹیکنالوجی

O پنیر اور ڈبل روٹی بنانے میں کون سا عمل شامل ہے؟

جواب: پنیر کی تیاری کے اہم مراحل میں دودھ ڈالنا، فرمینٹیشن، کوایگولیشن، دہی اور چھاچھ کو الگ کرنا، نمکین کرنا اور پکنا شامل ہیں۔ مائیکروبز پنیر کے حتمی ذائقے، خوشبو، ساخت اور رنگ میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔

O بائیوٹیکنالوجی نے ہماری دُنیا میں کیسے انقلاب برپا کیا ہے؟

جواب: بائیوٹیکنالوجی نے ہماری دُنیا میں کچھ اس طرح انقلاب برپا کیا ہے:

-1 بائیوٹیکنالوجی نے ہماری زراعت کو بہتر بنانے اور فصلوں کی زیادہ پیداوار دینے میں ایک انقلابی کردار ادا کیا ہے۔
-2 بائیوٹیکنالوجی کی تکنیک بیماریوں کے علاج اور صحت کو بہتر بنانے کے لیے بھی استعمال کی جاتی ہے۔
-3 ماحولیاتی مسائل جیسے آلودگی، زمین کا انحطاط اور سیوریج کے پانی وغیرہ کو بھی بائیوٹیکنالوجی کے ذریعے حل کیا جا رہا ہے۔

O بائیوٹیکنالوجی زراعت میں کس طرح مدد کرتی ہے؟

جواب: بائیوٹیکنالوجی نے ہماری زراعت کو بہتر بنانے اور فصلوں کی زیادہ پیداوار دینے میں ایک انقلابی کردار ادا کیا ہے۔ جڑی بوٹیاں مارنے والے کیمیکلز اور کیڑے مار ادویات (کیڑے مارنے والے کیمیکل) فصل کے دشمنوں (گھاس اور کیڑوں) کو ختم کرنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ ایسے کیمیکلز فصل کے پودوں کو بھی نقصان پہنچاتے ہیں۔ بائیوٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے سائنسدان پودوں میں گھاس اور کیڑوں کے خلاف مزاحمت کے جین داخل کرتے ہیں اس طرح کے جینیاتی طور پر تبدیل شدہ پودے پروٹین تیار کرتے ہیں جو ویڈز اور پیسٹ کے لیے نقصان دہ ہوتے ہیں۔

حل مشق

سوال 1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

(i) بیکٹیریل سیل میں موجود DNA کے اضافی گول شکل کے ٹکڑوں کو کہتے ہیں:
(a) RNA (b) نیوکلیوٹائڈز (c) کرومیٹڈ **(d) پلازمڈز**

(ii) پودوں میں جینٹک موڈیفیکیشن کا کیا مقصد ہوسکتا ہے؟
(a) پودوں میں بیماری کے خلاف مزاحمت پیدا کرنا
(b) پودوں کی غذائی کوالٹی میں بہتری لانا
(c) جڑی بوٹیوں کے خلاف مزاحمت پیدا کرنا
(d) یہ تمام

(iii) پلازمڈ اور اس کے ساتھ جڑے ہوئے جین کے مجموعے کو کہتے ہیں:
(a) ری کمبی نینٹ سیل **(b) ری کمبی نینٹ DNA**
(c) ری کمبی نینٹ پلازمڈ (d) ری کمبی نینٹ کروموسوم

(iv) جاندار جن کے سیلز اور پلازمڈ عام طور پر جینٹک انجینئرنگ میں استعمال ہوتے ہیں:
(a) بیکٹیریا (b) فنجائی (c) الجی (d) وائرسز

(v) Sections of DNA serving as codes for developing characters in an organism are called:
(a) genes (b) nucleotides
(c) plasmids (d) proteins

(vi) Which of the following is not a biotechnology product?
(a) Insulin **(b) Quinine**
(c) Beta-endorphin (d) Interferon

(vii) How do genetic engineers get insulin for diabetic patients?
(a) Isolate from human pancreas
(b) Isolate from pancreas of other animals
(c) Insulin gene inserted in human pancreas
(d) Insulin gene inserted in bacteria

(viii) Why do genetic engineers use bacteria in genetic engineering?
(a) The chromosome of bacteria is made of DNA and proteins
(b) Their nucleus is very big and easy to handle
(c) They have many chromosomes
(d) Bacteria divide very fast and make colonies

(ix) A gene is inserted into a bacterium by:
(a) tissue culture (b) fermentation
(c) biodegradation **(d) genetic engineering**

Q2. Write short answers.

(i) What is biotechnology?

Ans. The technology in which living things are used in different ways to help and benefit human beings is called biotechnology.

(ii) Name at least two life saving products of biotechnology.

Ans. 1. Insulin: used to control diabetes.
2.Vaccines: used against many infectious diseases

(iii) Write the application of biotechnology in
(a) agriculture (b) health
(c) food production

Ans. (a) Agriculture: Using biotechnology, scientists insert weed resistance and pest resistance genes into the plants. Such genetically modified plants prepare proteins which are harmful for weeds and pest / insects.

(b) Health: Identification of root causes of diseases, production of medicines for fighting against diseases and curing and correction of genetic defects, etc., are the major roles of this technology in developing better health.
Growth hormone: useful for stimulating growth
Beta-Endorphin: a pain killer drug
Interferon: Used as anti-viral proteins

(c) Food Production:
1. Use of better quality genes in the animals is producing high yields of milk and meat.
2. Production of better quality fruits and vegetables and increasing their shelf lives are also due to using biotechnological techniques.

(v) DNA کے حصے جو جانداروں میں خصوصیات کی نشوونما کے لیے ہدایات کے کوڈز کے طور پر عمل کرتے ہیں:
(a) جینز (b) نیوکلیوٹائڈز (c) پلازمڈز (d) پروٹینز

(vi) درج ذیل میں سے کون سی چیز بنانے میں بائیوٹیکنالوجی کا استعمال نہیں ہوتا؟
(a) انسولین **(b) کونین** (c) بیٹا اینڈروفین (d) انٹرفیرون

(vii) ذیابیطس کے مریضوں کے لیے جینٹک انجینئرز انسولین کیسے حاصل کرتے ہیں؟
(a) انسانی پینکریاز سے (b) دوسرے جانوروں کے پینکریاز سے
(c) انسانی پینکریاز میں انسولین جین داخل کرکے
(d) بیکٹیریا میں انسولین جین داخل کرکے

(viii) جینٹک انجینئرز جینٹک انجینئرنگ میں بیکٹیریا کیوں استعمال کرتے ہیں؟
(a) بیکٹیریا کا کروموسوم DNA اور پروٹین کا بنا ہوتا ہے۔
(b) ان کا نیوکلیس بہت بڑا ہوتا ہے اور آسانی استعمال ہوسکتا ہے۔
(c) ان میں کئی کروموسومز ہوتے ہیں۔
(d) بیکٹیریا بہت تیزی سے تقسیم ہوتے ہیں اور کالونیاں بناتے ہیں۔

(ix) بیکٹیریم میں جین داخل کرنے کا طریقہ:
(a) ٹشو کلچر (b) فرمینٹیشن
(c) بائیوڈی گریڈیشن **(d) جینٹک انجینئرنگ**

سوال 2: مختصر جوابی سوالات

(i) بائیوٹیکنالوجی کیا ہے؟

جواب: وہ ٹیکنالوجی جس میں جانداروں کو مختلف طریقوں سے بنی نوع انسان کی مدد اور فائدہ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، بائیوٹیکنالوجی کہلاتی ہے۔

(ii) جان بچانے والی کم از کم دو بائیوٹیکنالوجی کی پراڈکٹس کے نام بتائیں۔

جواب: -1 انسولین: جو ذیابیطس کو کنٹرول کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔
-2 ویکسین: جو بہت سی متعدی بیماریوں کے خلاف استعمال ہوتی ہیں۔

(iii) مندرجہ ذیل میں بائیوٹیکنالوجی کا اطلاق بیان کریں۔
(a) زراعت (b) صحت (c) خوراک کی پیداوار

جواب: (a) زراعت: بائیوٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے سائنسدان پودوں میں جڑی بوٹیوں کے خلاف مدافعت اور کیڑوں کے خلاف مزاحمت کے جین داخل کرتے ہیں۔ جینیاتی طور پر تبدیل شدہ پودے ایسے پروٹین تیار کرتے ہیں جو جڑی بوٹیوں اور کیڑوں کے لیے نقصان دہ ہوتے ہیں۔

(b) صحت: بیماریوں کی بنیادی وجوہات کی نشان دہی، بیماریوں کے خلاف ادویات کی تیاری، جینیاتی نقائص کا علاج اور اصلاح وغیرہ بہتر صحت کی نشوونما کے لیے اس ٹیکنالوجی کے اہم کردار ہیں۔
گروتھ ہارمون: نشوونما کو تیز کرنے کے لیے مفید ہے۔
بیٹا اینڈروفن: درد کش دوا ہے۔
انٹرفیرون: اینٹی وائرل پروٹین کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

(c) خوراک کی پیداوار:
-1 جانوروں میں اچھی کوالٹی کی جینز کے استعمال سے دودھ اور گوشت کی زیادہ پیداوار حاصل کی جا رہی ہے۔
-2 بہتر کوالٹی کے پھلوں اور سبزیوں کی پیداوار اور ان کی شیلف لائف میں اضافہ بھی بائیوٹیکنالوجی تکنیک کے استعمال کی وجہ سے ہے۔

Q3. Constructed Response Questions

(i) How can biotechnology be helpful in agriculture?

Ans. Biotechnology has played a revolutionary role in improving our agriculture and produced high yields of crops.

Cultivation of such genetically modified crops improves the yields of the crops and makes them safe for human use. The major crops that have been modified are include maize (corn), wheat, rice, canola, potato, soybean, cotton, etc. Drought and excessive salts in the soil also have harmful effects on crop productivity. Biotechnologists are working to find genes that can enable crops to tolerate such extreme conditions. Scientists in some universities have introduced a gene to raise iron content in rice and wheat. This may help to overcome iron deficiency in food. In Pakistan, many biotech crops such as wheat, rice and potato have been developed.

(ii) Find out which biotechnological products you are using in your daily life.

Ans. Following biotechnological products are used in our daily life:

1. Insulin 2. Vaccines 3. Growth hormone
4. Beta-Endorphin 5. interferon

Q4. Investigate

(i) Find out in the history where pandemic was controlled by vaccines.

Ans. **Smallpox:** In May 1796, English physician Edward Jenner found that vaccination with the cowpox virus can protect a person from smallpox infection and created smallpox vaccine. He injected 8-year old James Phipps with matter collected from cowpox sore on the hand of maid. Despite suffering a local reaction and feeling unwell for saveral days, Phipps made a full recovery. Phipps became the first human to be vaccinated against small pox.

(ii) Investigate how the biotechnology has brought revolution in the field of health.

Ans. Biotechnology techniques are also used for curing diseases and improving health. The diseases for which previously no adequate treatment was available can now be treated using biotechnology techniques. Identification of root causes of disease, production of medicines for fighting against diseases, curing and correction of genetic defects, etc., are the major roles of this technology in developing better health. Various biotechnology products with are used in Pakistan to save lives include:

Project:

Conduct a research in the supervision of your teacher to explore the outcomes of scientists in the field of biotechnology.

	Name of the scientist	Contribution
Used biotechnology in the field of food production.	Norman-Borlaug	Crossbred wheat verieties to avert starvation.
Used biotechnology in the field of medicine.	Dr. Herbert-Boyer	Constructed synthetic version of human insulin gene, inserted it into bacterium E.coli, allowing the bacterium to produce insulin.
Used biotechnology in the field of agriculture.	Dr. Monty-Jones	Created rice variety bred for conditions of harsh climate with the ability to resist weeds, survive droughts, and thrive in poor soils.

سوال 3: کنسٹرکٹڈ ریسپانس کوسچنز

(i) زراعت میں بائیوٹیکنالوجی کس طرح مفید ہو سکتی ہے؟

جواب: بائیوٹیکنالوجی نے ہماری زراعت کو بہتر بنانے اور فصلوں کی اعلیٰ پیداوار میں ایک انقلابی کردار ادا کیا ہے۔

جینیاتی طور پر تبدیل شدہ ایسی فصلوں کی کاشت فصلوں کی پیداوار بہتر بناتی ہے اور انھیں انسانی استعمال کے لیے محفوظ بناتی ہے۔ جن اہم فصلوں میں تبدیلی کی گئی ہے ان میں مکئی، گندم، چاول، کینولا، آلو، سویابین، کپاس وغیرہ شامل ہیں۔ خشک سالی اور زمین میں ضرورت سے زیادہ نمکیات بھی فصل کی پیداواری صلاحیت پر مضر اثرات مرتب کرتے ہیں۔ بائیوٹیکنالوجسٹ ایسے جینز تلاش کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں جو فصلوں کو اس طرح کے انتہائی حالات کو برداشت کرنے کے قابل بنا سکیں۔ کچھ یونیورسٹیوں کے سائنسدانوں نے چاول اور گندم میں آئرن کی مقدار بڑھانے کے لیے ایک جین متعارف کرایا۔ اس سے خوراک کی کمی کو پورا کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ پاکستان میں بہت سی بائیوٹیک فصلیں جیسے گندم، چاول اور آلو تیار کی گئی ہیں۔

(ii) معلوم کریں کہ روزمرہ زندگی میں آپ کون سی بائیوٹیکنالوجی پروڈکٹس استعمال کر رہے ہیں؟

جواب: مندرجہ ذیل بائیوٹیکنالوجی پروڈکٹس ہم اپنی روزمرہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں:

-1 انسولین -2 ویکسینز -3 گروتھ ہارمون
-4 بیٹا اینڈورفن -5 انٹرفیرون

سوال 4: تحقیق کریں

(i) ہسٹری میں معلوم کریں کہ وبائی مرض کو ویکسین کے ذریعے کہاں کنٹرول کیا گیا تھا؟

جواب: سمال پوکس: مئی 1796ء میں، انگریز ڈاکٹر ایڈورڈ جینر، 8 سالہ جیمز فپس کو نوکرانی کے ہاتھ پر کاؤ پاکس کے زخم سے جمع ہونے والے مادے سے ٹیکہ لگاتے ہیں۔ مقامی رد عمل کا شکار ہونے اور کئی دنوں تک بیمار محسوس کرنے کے باوجود فپس نے مکمل صحت یابی حاصل کی۔ فپس چیچک کے خلاف ویکسین لگوانے والا پہلا انسان بن گیا۔

(ii) معلوم کریں کہ بائیوٹیکنالوجی نے صحت کے میدان میں کیسے انقلاب برپا کیا؟

جواب: بائیوٹیکنالوجی کی تکنیک بیماریوں کے علاج اور صحت کو بہتر بنانے کے لیے بھی استعمال کی جاتی ہے۔ جن بیماریوں کا پہلے کوئی مناسب علاج دستیاب نہیں تھا۔ اب ان کا علاج بائیوٹیکنالوجی کے ذریعے کیا جا سکتا ہے۔ بیماریوں کی بنیادی وجوہات کی نشان دہی، بیماریوں کے خلاف ادویات کی تیاری، جینیاتی نقائص کا علاج اور اصلاح وغیرہ۔ بہتر صحت کی نشوونما میں اس ٹیکنالوجی کا اہم کردار ہے۔

پراجیکٹ:

بائیوٹیکنالوجی کے میدان میں سائنسدانوں کے نتائج کو دریافت کرنے کے لیے اپنے ٹیچر کی زیر نگرانی تحقیق کریں۔

	سائنسدان کا نام	شراکت
خوراک کی پیداوار کے میدان میں بائیوٹیکنالوجی کا استعمال	نارمن بورلاگ	بھوک کے خاتمے کے لیے گندم کی اقسام کو کراس بریڈ کیا۔
ادویات کے شعبے میں بائیوٹیکنالوجی کا استعمال	ڈاکٹر ہربرٹ بوئر	انسانی انسولین جین کا مصنوعی ورژن بنایا، اسے بیکٹیریم ای کولائی (E.coli) میں داخل کیا جس سے بیکٹیریا انسولین پیدا کر سکتا ہے۔
زراعت کے شعبے میں بائیوٹیکنالوجی کا استعمال	ڈاکٹر مونٹی جونز	چاول کی اقسام کو سخت آب و ہوا کے حالات کے لیے تیار کیا جس میں جڑی بوٹیوں کا مقابلہ کرنے، خشک سالی سے بچنے اور کم زرخیز زمینوں پر پھلنے پھولنے کی صلاحیت ہے۔

OBJECTIVE TYPE QUESTIONS

Multiple Choice Questions (MCQ's)
Taken From Previous Term Wise Papers
(First Term, Second Term & Annual) of PEC

O Choose the correct answer.

1. In biotechnology, ______ organisms are used. (First Term 23)
(a) pico (b) macro (c) meso **(d)** micro

2. The technique used to cure cancer patients is: (First Term 23)
(a) cloning (b) tissue culture
(c) gene therapy (d) genetic testing

3. In biotechnology, which of the following is used to benefit the human being? (First Term 23)
(a) Natural resources (b) Electricity
(c) Living organisms (d) Synthetic fibre

4. The conservation of fossil fuels is important because fossil fuels: (First Term 23)
(a) are slow to form (b) cause pollution
(c) are unlimited (d) generate electricity

5. The technology in which living things are used in different ways to benefit human beings is called: (First Term 23)
(a) biotechnology (b) bioinformatic
(c) biochemistry (d) biophysics

6. Beta-endorphin is used: (First Term 23)
(a) for diabetes **(b)** as a pain killer
(c) to kill virus (d) for growth stimulation

7. Which of the following is the second step of 3R strategies? (First Term 23)
(a) Reduce (b) Remove
(c) Reuse (d) Recycling

8. Formation of bread/cheese is an example of which process? (First Term 24)
(a) Filtration **(b)** Fermentation
(c) Pasteurization (d) Hydrogenation

9. Which product is used to treat infectious diseases? (First Term 24)
(a) Insulin (b) Interferon
(c) Vaccine (d) Beta-Endorphin

معروضی طرز سوالات

PEC کے ٹرم وائز امتحانات (فرسٹ ٹرم، سیکنڈ ٹرم اور سالانہ) کے سابقہ پیپرز سے لیے گئے کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

O درست جواب کا انتخاب کریں۔

-1 بائیوٹیکنالوجی میں ______ آرگنزمز استعمال ہوتے ہیں۔ (First Term 23)
(a) پیکو (b) میکرو (c) میزو **(d)** مائیکرو

-2 کینسر کے مریضوں کے علاج کے لیے استعمال ہونے والی تکنیک ہے: (First Term 23)
(a) کلوننگ (b) ٹشو کلچر
(c) جین تھیراپی (d) جینیٹک ٹیسٹنگ

-3 بائیوٹیکنالوجی میں مندرجہ ذیل میں سے کس چیز کو انسان کے فائدے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے؟ (First Term 23)
(a) قدرتی وسائل (b) بجلی کو
(c) زندہ جانداروں کو (d) مصنوعی فائبر کو

-4 فوسل فیولز کو محفوظ کرنا ضروری ہے کیونکہ یہ: (First Term 23)
(a) دیر سے بنتے ہیں (b) آلودگی پیدا کرتے ہیں
(c) لامحدود ہیں (d) بجلی پیدا کرتے ہیں

-5 وہ ٹیکنالوجی جس میں بنی نوع انسان کے مفاد کے لیے مختلف طریقوں سے جاندار اشیاء کا استعمال کیا جاتا ہے، کہلاتی ہے: (First Term 23)
(a) بائیوٹیکنالوجی (b) بائیوانفورمیٹکس
(c) بائیوکیمسٹری (d) بائیوفزکس

-6 بیٹا اینڈورفین استعمال ہوتی ہے: (First Term 23)
(a) ذیابیطس **(b)** درد سے آرام
(c) وائرس ختم کرنے کے لیے (d) نشوونما کو تیز کرنے کے لیے

-7 مندرجہ ذیل میں سے 3R تراکیب کا دوسرا مرحلہ کون سا ہے؟ (First Term 23)
(a) کم کرنا (b) ختم کرنا
(c) دوبارہ استعمال کرنا (d) ری سائیکلنگ

-8 بریڈ/پنیر کا بننا کس عمل کی مثال ہے؟ (First Term 24)
(a) فلٹریشن **(b)** فرمنٹیشن (c) پاسچرائزیشن (d) ہائڈروجنیشن

-9 کون سی پراڈکٹ وبائی بیماریوں کے علاج کے لیے استعمال ہوتی ہے؟ (First Term 24)
(a) انسولین (b) انٹرفیرون **(c)** ویکسین (d) بیٹا اینڈورفن

10. By genetic engineering insulin is produced by inserting its gene in: (First Term 24)
(a) bacteria (b) virus (c) algae (d) fungi

11. Which of the following is an example of biotechnology? (Final Term 23)
(a) Tissue Culture (b) Budding
(c) Layering (d) Grafting

12. The bread dough rises due to the production of which gas? (Final Term 23)
(a) Oxygen (b) Hydrogen
(c) Sulphur dioxide (d) Carbon dioxide

Short Answer Questions (CRQ's)
Taken From Previous Term Wise Papers (First Term, Second Term & Annual) of PEC

O Give short answers.

Q1(a) What is biotechnology? (First Term 23)

Ans. The technology in which living things (microorganisms) are used in different ways to help and benefit human beings is called biotechnology.

(b) Write any two uses of biotechnological products in the field of health. (First Term 23)

Ans. Insulin: useful for diabetics.
Vaccines: used against many infectious diseases

(c) Explain the different steps in the formation of protein by gene insertion in bacteria. (First Term 23)

Ans. Step A: In this step gene of desired protein is isolated from the donor organisms. An enzyme is used for this purpose. The plasmid is also taken from bacterium cells. The same enzyme is used for cutting the plasmid from different sites.

Step B: In this step isolated gene is attached to the plasmid. The attached gene of the desired products and plasmid DNA are collectively called recombinant DNA.

Step C: In this step, recombinant DNA is inserted back into the bacterium from which the plasmid is isolated. This bacterium with recombinant DNA is called a genetically modified bacterim (GM bacterium). GM starts dividing and produces a bacterial colony.

Q2(a) Pakistani Scientists what are trying to produce?

Ans. Pakistani scientists in universities are trying to produce wheat with higher preposition of iron in the flour. This may help overcome iron deficiency in food.

(b) Which major crops have been modified?

Ans. The major crops that have been modified are rice and wheat that contain higher preposition of iron. This may help overcome iron deficiency in food.

-10 جینیٹک انجینئرنگ کے ذریعے انسولین .... میں جین داخل کر کے تیار کی جاتی ہے۔ (First Term 24)
(a) بیکٹیریا (b) وائرس (c) الجی (d) فنجائی

-11 مندرجہ ذیل میں کون سی بائیوٹیکنالوجی کی مثال ہے؟ (Final Term 23)
(a) ٹشو کلچر (b) بڈنگ (c) لیئرنگ (d) گرافٹنگ

-12 ڈبل روٹی کس گیس کے بننے کی وجہ سے پھول جاتی ہے؟ (Final Term 23)
(a) آکسیجن (b) ہائیڈروجن
(c) سلفر ڈائی آکسائیڈ (d) کاربن ڈائی آکسائیڈ

PEC کے ٹرم وائز امتحانات (فرسٹ ٹرم، سیکنڈ ٹرم اور سالانہ) کے سابقہ پیپرز سے لیے گئے مختصر جوابی سوالات (CRQ's)

O درج ذیل کے مختصر جوابات دیں۔

سوال 1(a) بائیوٹیکنالوجی کیا ہے؟ (First Term 23)
جواب: ٹیکنالوجی جس میں بنی نوع انسان کی مدد اور مفاد کے لیے مختلف طریقوں سے جاندار اشیا (بالخصوص مائیکرو آرگنزمز) کا استعمال کیا جائے، بائیوٹیکنالوجی کہلاتی ہے۔

(b) صحت کے شعبے میں بائیوٹیکنالوجیکل پروڈکٹس کے کوئی دو استعمالات لکھیں۔ (First Term 23)
جواب: انسولین: ذیابیطس کے مریضوں کے لیے مفید ہے۔
ویکسینز: وبائی بیماریوں سے بچاؤ کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۔

(c) بیکٹیریا میں جین کے داخلے سے پروٹین بننے کے مختلف مراحل بیان کریں۔ (First Term 23)
جواب: مرحلہ A: اس مرحلے میں مطلوبہ پروٹین والے جین کو ڈونر جاندار سے الگ کیا جاتا ہے۔ اس مقصد کے لیے ایک اینزائم استعمال کیا جاتا ہے۔ پلازمڈ کو بھی بیکٹیریم سیل سے لیا جاتا ہے۔ یہی اینزائم مختلف جگہوں سے پلازمڈ کو کاٹنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
مرحلہ B: اس مرحلے میں علیحدہ کی گئی جین کو پلازمڈ کے ساتھ جوڑا جاتا ہے۔ مطلوبہ پروڈکٹ کی جڑی ہوئی جین اور پلازمڈ DNA کو مجموعی طور پر ری کمبی نینٹ DNA کہا جاتا ہے۔
مرحلہ C: اس مرحلہ میں ری کمبی نینٹ ڈی این اے والے اس بیکٹیریم میں دوبارہ داخل کر دیا جاتا ہے۔ جس سے پلازمڈ کو علیحدہ کیا گیا ہے اس بیکٹیریم کو جینیٹکلی موڈیفائڈ بیکٹیریم (GM بیکٹیریم) کہا جاتا ہے۔ جینیٹکلی موڈیفائڈ بیکٹیریم پھر تقسیم ہو کر بیکٹیریا کی کالونی بناتا ہے۔

سوال 2(a) پاکستانی سائنس دان کیا بنانے کی کوشش کر رہے ہیں؟
جواب: پاکستان کی کچھ یونیورسٹیوں میں سائنس دان ایسی گندم بنانے کی کوشش کر رہے ہیں جس میں آئرن کی مقدار زیادہ ہو۔ اس سے خوراک میں آئرن کی کمی کو دور کیا جا سکتا ہے۔

(b) کون سی اہم فصلیں موڈیفائڈ کی گئی ہیں؟
جواب: اہم فصلیں جو موڈیفائڈ کی گئی ہیں ان میں زیادہ آئرن کی مقدار رکھنے والی چاول اور گندم کی قسمیں ہیں۔ اس سے خوراک میں آئرن کی کمی پوری ہوگی۔

Unit 05

Periodic Table

O **How elements in the Periodic Table are arranged?**

Ans. The elements in the Periodic Table are arranged from left to right and top to bottom in order of increasing atomic number, or the number of protons in an atom's nucleus, which generally coincides with increasing atomic mass.

O **What are well known families of elements in the Periodic Table?**

Ans. Following are the well known families of elements in the Periodic Table:

i. Alkali metals	ii. Alkaline earth metals
iii. Transition metals	iv. Boron family
v. Carbon family	vi. Nitrogen family
vii. Oxygen family	viii. Halogen family
ix. Noble gases.	

O **How alloys are formed?**

Ans. An alloy is created by mixing metal with another component, either another metal or a non-metal substance. Metal alloys are generally made by melting the substances, mixing them together and then letting them cool to room temperature, resulting in a solid material.

Solved Exercise

Q1. Encircle the correct option.

(i) An element of the third period in the Periodic Table:
(a) H (b) P (c) He (d) Li

(ii) Mg belongs to the period of the Periodic Table:
(a) 1st (b) 2nd (c) 3rd (d) 4th

(iii) An alkali metal:
(a) F (b) Be (c) Al (d) Na

(iv) Ne belongs to:
(a) nitrogen family (b) fluorine family
(c) noble gases (d) alkaline earth metals

(v) An element of group 17 of the Periodic Table:
(a) Cl (b) Ar (c) S (d) Si

(vi) Atomic number of the element at fourth position in second period:
(a) 4 (b) 5 (c) 6 (d) 7

(vii) How many periods are there in the Periodic Table?
(a) Five (b) Six (c) Seven (d) Eight

(viii) A metal:
(a) Cu (b) C (c) Cl (d) Ne

(ix) A non-metal:
(a) H (b) Na (c) Li (d) Be

(x) An atom containing two electrons:
(a) H (b) He (c) Li (d) Be

یونٹ 05

پیریاڈک ٹیبل

O ایلیمنٹس کو پیریاڈک ٹیبل میں کس طرح ترتیب دیا جاتا ہے؟
جواب: ایلیمنٹس کو پیریاڈک ٹیبل میں اٹامک نمبر میں بائیں سے دائیں اور اوپر سے نیچے تک ترتیب دیا جاتا ہے یا ایٹم کے نیوکلیس میں پروٹون کی تعداد، جو کہ عام طور پر اٹامک ماس میں اضافے کے ساتھ موافق ہوتی ہے۔

O پیریاڈک ٹیبل میں ایلیمنٹس کی مشہور فیملیز کون سی ہیں؟
جواب: پیریاڈک ٹیبل میں ایلیمنٹس کی مشہور فیملیز مندرجہ ذیل ہیں۔

.i الکلی میٹلز	.ii الکلائن ارتھ میٹلز
.iii ٹرانزیشن میٹلز	.iv بورون فیملی
.v کاربن فیملی	.vi نائٹروجن فیملی
.vii آکسیجن فیملی	.viii ہیلوجن فیملی
.ix نوبل گیسز	

O الائے کیسے بنتے ہیں؟
جواب: ایک الائے میٹل کو کسی دوسرے جزو یا تو کسی اور میٹل یا نان میٹل مادے کے ساتھ ملا کر بنایا جاتا ہے۔ میٹل الائز عام طور پر مادوں کو پگھلا کر انہیں آپس میں ملایا جاتا ہے اور پھر انہیں روم ٹمپریچر پر ٹھنڈا ہونے دیا جاتا ہے۔ جس کے نتیجے میں ٹھوس میٹیریل بنتا ہے۔

حل مشق

سوال 1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

(i) پیریاڈک ٹیبل کے تیسرے پیریڈ کا ایک ایلیمنٹ ہے:
(a) H (b) P (c) He (d) Li

(ii) Mg پیریاڈک ٹیبل کے پیریڈ سے تعلق رکھتا ہے:
(a) پہلے سے (b) دوسرے سے (c) تیسرے سے (d) چوتھے سے

(iii) ایک الکلی میٹل ہے:
(a) F (b) Be (c) Al (d) Na

(iv) Ne کا تعلق ہے:
(a) نائٹروجن فیملی (b) فلورین فیملی
(c) نوبل گیسز (d) الکلائن ارتھ میٹلز

(v) پیریاڈک ٹیبل کے گروپ 17 کا ایک ایلیمنٹ ہے:
(a) Cl (b) Ar (c) S (d) Si

(vi) سیکنڈ پیریڈ میں چوتھے نمبر پر موجود ایلیمنٹ کا اٹامک نمبر ہے:
(a) 4 (b) 5 (c) 6 (d) 7

(vii) پیریاڈک ٹیبل میں کتنے پیریڈز موجود ہیں؟
(a) پانچ (b) چھ (c) سات (d) آٹھ

(viii) ایک میٹل ہے:
(a) Cu (b) C (c) Ce (d) Ne

(ix) ایک نان میٹل ہے:
(a) H (b) Na (c) Li (d) Be

(x) ایک ایٹم جو دو الیکٹرونز پر مشتمل ہے:
(a) H (b) He (c) Li (d) Be

Q2. Write short answers.

(i) What is meant by a period in the Periodic Table?

Ans. Horizontal rows of elements in the Periodic Table are called periods.

(ii) What is meant by a group in the Periodic Table?

Ans. Vertical column of elements in the Periodic Table are called groups.

(iii) Define element.

Ans. An element is a substance which cannot be split into two or more substances by ordinary chemical changes.

(iv) What do you mean by an atomic number?

Ans. The number of protons present in an atom of an element is called atomic number.

(v) How many electrons are there in the valence shell of H?

Ans. There is one electron in the valence shell of H.

Q3. Constructed Response Questions.

(i) Oxygen is a non-metallic element.

(a) What is the atomic number of oxygen?

Ans. The atomic number of oxygen is 8.

(b) In which group of the Periodic Table, Oxygen is located?

Ans. Oxygen is located in 16th group of the periodic table.

(c) In which period of the Periodic Table, oxygen is located?

Ans. Oxygen is located in 2nd period of the Periodic Table.

(d) How many electrons are required by oxygen atom to complete its valence shell?

Ans. Oxygen atom required two electrons to complete its valence shell.

(e) State any two uses of oxygen in daily life.

Ans. 1. Oxygen cylinders are used in hospitals for curing patients feeling breathing problems.

2. Oxygen is also used in combustion process.

(ii) Sodium is a metallic element.

(a) What is the symbol of sodium?

Ans. The symbol of sodium is Na.

(b) What is the atomic number of sodium?

Ans. The atomic number of sodium is 11.

(c) In which period of the Periodic Table, sodium is located?

Ans. Sodium is located in 3rd period of Periodic Table.

(d) What is the group number of sodium in the Periodic Table?

Ans. The group number of sodium in the Periodic Table is 1.

(e) Name the family of metals to which sodium belongs.

Ans. Sodium belongs to the family of alkali metals.

سوال 2: مختصر جوابات لکھیے۔

(i) پیریاڈک ٹیبل میں موجود پیریڈ سے کیا مراد ہے؟

جواب: پیریاڈک ٹیبل میں ایلیمنٹس کی افقی قطاریں پیریڈز کہلاتی ہیں۔

(ii) پیریاڈک ٹیبل میں موجود گروپ سے کیا مراد ہے؟

جواب: پیریاڈک ٹیبل میں ایلیمنٹس کے عمودی کالم گروپس کہلاتے ہیں۔

(iii) ایلیمنٹ کی تعریف کریں۔

جواب: ایلیمنٹ ایسی شے ہے جسے عام کیمیکل تبدیلی سے دو یا زیادہ اشیا میں تبدیل نہیں کیا جا سکتا ہے۔

(iv) ایک اٹامک نمبر سے آپ کی کیا مراد ہے؟

جواب: کسی ایلیمنٹ کے ایٹم میں موجود پروٹانز کی تعداد کو اٹامک نمبر کہتے ہیں۔

(v) ہائیڈروجن کے ویلنس شیل میں کتنے الیکٹرونز موجود ہوتے ہیں؟

جواب: ہائیڈروجن کے ویلنس شیل میں ایک الیکٹرون ہوتا ہے۔

سوال 3: کنسٹرکٹڈ رسپانس کوئسچنز

(i) آکسیجن ایک نان میٹیلک ایلیمنٹ ہے۔

(a) آکسیجن کا اٹامک نمبر کیا ہے؟

جواب: آکسیجن کا اٹامک نمبر '8' ہے۔

(b) پیریاڈک ٹیبل کے کس گروپ میں آکسیجن پایا جاتا ہے؟

جواب: آکسیجن پیریاڈک ٹیبل کے 16ویں گروپ میں پایا جاتا ہے۔

(c) پیریاڈک ٹیبل کے کس پیریڈ میں آکسیجن پایا جاتا ہے؟

جواب: آکسیجن پیریاڈک ٹیبل کے دوسرے پیریڈ میں پایا جاتا ہے۔

(d) آکسیجن ایٹم کو اپنا ویلنس شیل مکمل کرنے کے لیے کتنے الیکٹرونز کی ضرورت ہے؟

جواب: آکسیجن ایٹم کو اپنا ویلنس شیل مکمل کرنے کے لیے دو الیکٹرونز کی ضرورت ہے۔

(e) روزمرہ زندگی میں آکسیجن کے کوئی دو استعمالات لکھیں۔

جواب: 1- آکسیجن سلنڈر ہسپتالوں میں مریضوں کو سانس لینے میں تکلیف کے علاج کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

2- آکسیجن کو جلنے کے عمل میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

(ii) سوڈیم ایک میٹلک ایلیمنٹ ہے۔

(a) سوڈیم کی علامت کیا ہے؟

جواب: سوڈیم کی علامت Na ہے۔

(b) سوڈیم کا اٹامک نمبر کیا ہے؟

جواب: سوڈیم کا اٹامک نمبر 11 ہے۔

(c) پیریاڈک ٹیبل کے کس پیریڈ میں سوڈیم پایا جاتا ہے؟

جواب: سوڈیم پیریاڈک ٹیبل کے تیسرے پیریڈ میں پایا جاتا ہے۔

(d) پیریاڈک ٹیبل میں سوڈیم کا گروپ نمبر کیا ہے؟

جواب: پیریاڈک ٹیبل میں سوڈیم کا گروپ نمبر 1 ہے۔

(e) میٹلز کی اس فیملی کا نام بتائیں جس سے سوڈیم کا تعلق ہے۔

جواب: سوڈیم الکلی میٹلز کی فیملی سے تعلق رکھتی ہے۔

(iii) Name the members of the following families in the Periodic Table?

(a) Alkali metals:

Ans. The name of family members of alkali metals in Periodic Table are:
Hydrogen (H), Lithium (Li), Sodium (Na), Potassium (K), Rubidium (Rb), Cesium (Cs) Francium (Fr).

(b) Alkaline earth metals:

Ans. The name of family members of alkaline earth metals in Periodic Table are:
Beryllium (Be), Magnesium (Mg), Calcium (Ca), Strontium (Sr), Barium (Ba), Radium (Ra)

(c) Halogens:

Ans. The name of family members of Halogens in Periodic Table are:
Fluorine (F), Chlorine (Cl), Bromine (Br), Iodine (I), Astatine (At)

(d) Noble gases:

Ans. The name of family members of Noble gases in Periodic Table are:
Helium (He), Neon(Ne), Argon(Ar), Krypton(Kr), Xenon(Xe), Radon(Rn)

(e) Name the element having same period number and group number.

Ans. The following elements having same periodic number and group number:
Hydrogen (H), Berylium (Be), Niobium (Nb), Tungsten (W), Unnilseptium (Uns)

(iv) Relate the following properties of metals with their uses in daily life.

(a) Conductance of heat:

Ans. Metals are good conductors of heat. Due to good conductor of heat, aluminium and copper are used to make cooking pots and pans.

(b) Conductance of electricity:

Ans. Some metals are good conductors of electricity. Due to good conductor of electricity, copper and aluminum are used to make electrical wires.

(c) Malleability and ductility:

Ans. Generally metals are malleable and ductile. Due to this property, metals are used to make sheets, wires, springs and other desired shapes etc.

(d) Hardness:

Ans. Generally metals are hard solids. Due to this property, iron is used to make steel, railway tracks and ships, etc.

(e) Lustre:

Ans. Metals have brilliant and shiny surfaces. Due to this property aluminium is used to make reflectors of light, picture frames and mirrors, etc. Silver and gold are used to make jewellery.

Q4. Investigate:

(i) Why the chemical properties of the elements present in a group are similar?

Ans. Because the elements in a group have the same number of electrons in the outermost shell hence they have similar chemical properties.

(iii) پیریاڈک ٹیبل کے مندرجہ ذیل فیملیز کے ممبران کے نام لکھیں۔

(a) الکلی میٹلز

جواب: پیریاڈک ٹیبل میں الکلی میٹلز کے فیملی ممبران کے نام مندرجہ ذیل ہیں:
ہائیڈروجن (H)، لیتھیم (Li)، سوڈیم (Na)، پوٹاشیم (K)، روبیڈیم (Rb)، سیزیم (Cs)، فرانشیم (Fr)

(b) الکلائن ارتھ میٹلز:

جواب: پیریاڈک ٹیبل میں الکلائن ارتھ میٹلز کے فیملی ممبران کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔
بیریلیم (Be)، میگنیشیم (Mg)، کیلشیم (Ca)، سٹرانشیم (Sr)، بیریم (Ba)، ریڈیم (Ra)

(c) ہیلوجنز:

جواب: پیریاڈک ٹیبل میں ہیلوجنز کے فیملی ممبران کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔
فلورین (F)، کلورین (Cl)، برومین (Br)، آیوڈین (I)، ایسٹاٹین (At)

(d) نوبل گیسز:

جواب: پیریاڈک ٹیبل میں نوبل گیسز کے فیملی ممبران کے نام مندرجہ ذیل ہیں:
ہیلیم (He)، نی اون (Ne)، آرگان (Ar)، کرپٹان (Kr)، زینان (Xe)، ریڈان (Rn)

(e) ان ایلیمنٹ کا نام لکھیں جن کا پیریڈ نمبر اور گروپ نمبر ایک جیسا ہے۔

جواب: مندرجہ ذیل ایلیمنٹس کا پیریڈ نمبر اور گروپ نمبر ایک جیسا ہے:
ہائیڈروجن (H)، بیریلیم (Be)، نی اوبیم (Nb)، ٹنگسٹن (W)، یونیلسپٹیم (Uns)

(iv) دھاتوں کی درج ذیل خصوصیات کو ان کے روزمرہ کی زندگی میں استعمال کے ساتھ جوڑیں۔

(a) حرارت کا کنڈکٹنس (موصل):

جواب: میٹلز حرارت کے اچھے کنڈکٹرز ہوتے ہیں۔ حرارت کے اچھے کنڈکٹر ہونے کی وجہ سے ایلومینیم اور کاپر کو کھانا پکانے والے برتن اور پینز بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

(b) بجلی کا کنڈکٹنس (موصل):

جواب: کچھ میٹلز بجلی کے اچھے کنڈکٹرز ہوتے ہیں۔ بجلی کے اچھے کنڈکٹرز ہونے کی وجہ سے کاپر اور ایلومینیم کو بجلی کی وائرز بنانے کے لیے کیا جاتا ہے۔

(c) میلی ایبلٹی اور ڈکٹیلیٹی:

جواب: عام طور پر میٹلز میلی ایبل اور ڈکٹائل ہوتی ہیں اس خصوصیت کی وجہ سے میٹلز کو شیٹس، وائرز، سپرنگز اور باقی مطلوبہ شکلیں بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

(d) سخت پن:

جواب: عام طور پر میٹلز نرم اور لچکدار ہوتی ہیں۔ اس خاصیت کی وجہ سے میٹلز چادریں، تاریں، سپرنگز اور دیگر مطلوبہ شکلیں وغیرہ بنانے میں استعمال ہوتی ہیں۔

(e) چمک:

جواب: دھاتوں کی سطح روشن اور چمکدار ہوتی ہے اس خاصیت کی وجہ سے ایلومینیم کا استعمال روشنی کے ریفلیکٹرز، پکچر فریم اور آئینہ وغیرہ بنانے کے لیے کیا جاتا ہے۔ سلور اور گولڈ کو زیورات بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

سوال 4: تحقیق کریں۔

(i) ایک گروپ میں موجود عناصر کی کیمیائی خصوصیات کیوں ایک جیسی ہوتی ہیں۔

جواب: کیونکہ ایک گروپ کے ایلیمنٹس کے بیرونی شیل میں ایک ہی تعداد میں الیکٹران ہوتے ہیں اس لیے ان میں ایک جیسی کیمیائی خصوصیات ہوتی ہیں۔

(ii) **Why is mercury used in the thermometer to measure the body temperature?**

Ans. Mercury is used in thermometers because, it is visible, it has uniform thermal expansion, it has a low freezing point, it has a high boiling point, it does not wet the glass and it has small specific heat capacity.

(iii) **Magnesium and Calcium are kept in the same group of the Periodic Table. Explain why?**

Ans. Magnesium and calcium are kept in the same group of periodic table because magnesium and calcium have the same number of electrons (two) in the outermost shell. Both elements belong to the second group of the modern periodic table and are called alkaline earth metals.

Project:

Manage and conduct a discussion with your teacher and classmates on the following:

(i) **Trends of atomic number and atomic size of the elements when we move from left to right in different periods of the periodic Table.**

(ii) **Trends of number of valence shell electrons and atomic size of the elements when we move from top to bottom in different groups of the Periodic Table.**

Ans. Practicle Work.

Do you know?

(i) **Why is silver not used in pure form?**

Ans. Pure silver is typically very soft and malleable, hence it is commonly alloyed to increase its hardness and durability for applications such as jewellery.

(ii) **Two wires of equal length, one of copper and the other of some alloy have the same thickness, which one can be used for:**

(a) **Electrical transmission lines.**

(b) **Electric heating devices.**

Give reason of your answer.

Ans. (a) Copper wire can be used in electrical transmission lines

Reason: Copper is good conductor of electricity.

(b) Alloy wire can be used in electric heat device.

Reason: Alloy wire has better thermal property.

Activity 5.1

Look at the Periodic Table and write names and symbols of the elements given in its fourth and fifth periods.

Period	Names and Symbols of Elements
4th	Potassium(K), Calcium(Ca), Scandium(Sc), Titanium(Ti), Vanadium(V), Chromium(Cr), Manganese(Mn), Iron(Fe), Cobalt(Co), Nickel(Ni), Copper(Cu), Zinc(Zn), Gallium(Ga), Germanium(Ge), Arsenic(As), Selenium(Se), Bromine(Br), Krypton(Kr)
5th	Rubidium(Rb), Strontium(Sr), Yttrium(Y), Zirconium(Zr), Niobium(Nb), Molybdenum(Mo), Technetium(Tc), Ruthenium(Ru), Rhodium(Rh), Palladium(Pd), Silver(Ag), Cadmium(Cd), Indium(In), Tin(Sn), Antmony(Sb), Tellurium(Te), Iodine(I), Xenon(Xe)

(ii) جسم کا درجہ حرارت ماپنے کے لیے بنائے جانے والے تھرمامیٹر میں مرکری کیوں استعمال کی جاتی ہے؟

جواب: مرکری کو تھرمامیٹر میں استعمال کیا جاتا ہے کیونکہ یہ نظر آتا ہے، یہ یکساں حرارتی پھیلاؤ رکھتا ہے۔ اس کا فریزنگ پوائنٹ کم ہوتا ہے اس کا بوائلنگ پوائنٹ زیادہ ہوتا ہے۔ یہ گلاس (شیشے) کو گیلا نہیں کرتا اور یہ کم حرارت مخصوصہ رکھتا ہے۔

(iii) میگنیشیم اور کیلشیم کو پیریاڈک ٹیبل کے ایک ہی گروپ میں رکھا جاتا ہے۔ وضاحت کریں؟

جواب: میگنیشیم اور کیلشیم کو پیریاڈک ٹیبل کے ایک ہی گروپ میں رکھا جاتا ہے کیوں کہ دونوں کے بیرونی شیل میں دو، دو الیکٹرانز موجود ہوتے ہیں۔ یہ دونوں ایلیمنٹس پیریاڈک ٹیبل کے دوسرے گروپ سے تعلق رکھتے ہیں اور انہیں الکالائن ارتھ میٹلز کہا جاتا ہے۔

پروجیکٹ:

مندرجہ ذیل پر اپنے استاد اور ہم جماعت کے ساتھ بحث کا انتظام اور انعقاد کریں:

(i) جب ہم پیریاڈک ٹیبل میں مختلف پیریڈز میں بائیں سے دائیں چلیں تو مختلف ایلیمنٹس کے اٹامک نمبر اور اٹامک سائز کے رجحانات۔

(ii) جب ہم پیریاڈک ٹیبل میں مختلف گروپس میں اوپر سے نیچے کی طرف چلیں تو ایلیمنٹس کے ویلنس شیل الیکٹرونز کی تعداد اور اٹامک سائز کے رجحانات۔

جواب: عملی کام

کیا آپ جانتے ہیں؟

(i) سلور کو خالص شکل میں کیوں استعمال نہیں کیا جاتا؟

جواب: خالص سلور عام طور پر بہت نرم اور ملائم ہوتی ہے، اس لیے اسے عام طور پر زیورات جیسی ایپلی کیشنز کے لیے اس کی سختی اور پائیداری کو بڑھانے کے لیے الائے کی شکل میں استعمال کیا جاتا ہے۔

(ii) برابر لمبائی کی دو تاریں، ایک کاپر کی اور دوسری کسی الائے کی ہے جن کی موٹائی بھی ایک جیسی ہے، کون سی تار استعمال ہو سکتی ہے۔

(a) الیکٹریکل ٹرانسمیشن لائنز میں

(b) الیکٹرک ہیٹ ڈیوائس میں

اپنے جواب کی دلیل دیں۔

جواب: (a) کاپر کی تار الیکٹریکل ٹرانسمیشن لائنز میں استعمال ہو سکتی ہے۔

وجہ: کاپر کی تار الیکٹریسٹی کی اچھی کنڈکٹر ہے۔

(b) الائے کی تار الیکٹرک ہیٹ ڈوائس میں استعمال ہو سکتی ہے۔

وجہ: الائے کی تار بہتر تھرمل خصوصیات کی حامل ہے۔

سرگرمی 5.1:

پیریاڈک ٹیبل پر دیکھیں اور چوتھے اور پانچویں پیریڈ کے ایلیمنٹس کے نام اور سمبل لکھیں۔

پیریڈ	ایلیمنٹس کے نام اور سمبل
4th	پوٹاشیم (K)، کیلشیم (Ca)، سکینڈیم (Sc)، ٹائٹینیم (Ti) وناڈیم (V)، کرومیم (Cr)، مینگانیز (Mn)، آئرن (Fe)، کوبالٹ (Co)، نکل (Ni)، کاپر (Cu)، زنک (Zn)، گیلیم (Ga)، جرمینیم (Ge)، آرسینک (As)، سیلینیم (Se)، برومین (Br)، کرپٹان (Kr)
5th	روبیڈیم (Rb)، سٹرونشیم (Sr)، یٹریم (Y)، زرکونیم (Zr)، نیوبیم (Nb)، مولیبڈینم (Mo)، ٹیکنیشیم (Tc)، روتھینیم (Ru)، روڈیم (Rh)، پلاڈیم (Pd)، سلور (Ag)، کیڈمیم (Cd)، انڈیم (In)، ٹن (Sn)، اینٹیمنی (Sb)، ٹیلوریم (Te)، آئیوڈین (I)، زینون (Xe)

Activity 5.2

Examine

The Periodic Table of Elements is shown in Figure 5.1. Write down the period number and the group number of the following elements.

Element	Period No.	Group No.
1. Phosphorus (P)	3	15
2. Aluminium (Al)	3	13
3. Silver (Ag)	5	11
4. Mercury (Hg)	6	12

OBJECTIVE TYPE QUESTIONS

Multiple Choice Questions (MCQ's) Taken From Previous Term Wise Papers (First Term, Second Term & Annual) of PEC

○ **Choose the correct answer.**

1. **Oxygen belongs to which period of periodic table?** (First Term 24)
(a) 4 (b) 3 **(c) 2** (d) 1

2. **Mass number of phosphorus is:** (First Term 24)
(a) 27 **(b) 31** (c) 35 (d) 40

3. **Sulphur belongs to which group of the periodic table?** (First Term 24)
(a) 13 (b) 14 (c) 15 **(d) 16**

4. **How many electrons are present in the valence shell of elements of group 13?** (Final Term 23)
(a) 1 (b) 2 **(c) 3** (d) 4

5. **Diamond is the form of which element?** (Final Term 23)
(a) Phosphorus (b) Hydrogen (c) Oxygen **(d) Carbon**

6. **Which of the following is the shortest period of the periodic table?** (Final Term 23)
(a) First period (b) Second period (c) third period (d) Fourth period

7. **Identify the ionic compound from given compounds.** (Final Term 23)
(a) H_2O (b) NH_3 **(c) NaCl** (d) CO_2

8. **The symbol of Argon:** (Final Term 23)
(a) Ar (b) Ag (c) Kr (d) Mg

سرگرمی 5.2

پیریاڈک ٹیبل کے ایلیمنٹس شکل 5.1 میں دکھائے گئے ہیں۔ درج ذیل ایلیمنٹس کے پیریڈ نمبر اور گروپ نمبر لکھیں۔

ایلیمنٹ	پیریڈ نمبر	گروپ نمبر
1- فاسفورس (P)	3	15
2- ایلومینیم (Al)	3	13
3- سلور (Ag)	5	11
4- مرکری (Hg)	6	12

معروضی طرز سوالات

PEC کے ٹرم وائز امتحانات (فرسٹ ٹرم، سیکنڈ ٹرم اور سالانہ) کے سابقہ پیپرز سے لیے گئے کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

○ درست جواب کا انتخاب کریں۔

1- آکسیجن کا تعلق پیریاڈک ٹیبل کے کس پیریڈ سے ہے؟ (First Term 24)
(a) 4 (b) 3 **(c) 2** (d) 1

2- فاسفورس کا ماس نمبر ہے۔ (First Term 24)
(a) 27 **(b) 31** (c) 35 (d) 40

3- سلفر پیریاڈک ٹیبل کے کس گروپ سے تعلق رکھتا ہے؟ (First Term 24)
(a) 13 (b) 14 (c) 15 **(d) 16**

4- گروپ 13 کے ایلیمنٹس کے ویلنس شیل میں کتنے الیکٹرانز موجود ہوتے ہیں؟ (Final Term 23)
(a) 1 (b) 2 **(c) 3** (d) 4

5- ڈائمنڈ کون سے ایلیمنٹ کی ایک شکل ہے؟ (Final Term 23)
(a) فاسفورس (b) ہائڈروجن (c) آکسیجن **(d) کاربن**

6- پیریاڈک ٹیبل میں سے سب سے چھوٹا پیریڈ کون سا ہے؟ (Final Term 23)
(a) پہلا پیریڈ (b) دوسرا پیریڈ (c) تیسرا پیریڈ (d) چوتھا پیریڈ

7- دیے گئے کمپاؤنڈز میں سے آئیونک کمپاؤنڈ کی شناخت کریں۔ (Final Term 23)
(a) H_2O (b) NH_3 **(c) NaCl** (d) CO_2

8- آرگان کا سمبل ہے:
(a) Ar (b) Ag (c) Kr (d) Mg

Short Answer Questions (CRQ's)
Taken From Previous Term Wise Papers
(First Term, Second Term & Annual) of PEC

○ Give short answers.

1.(a) Define group in the periodic table. (Final Term 23)

Ans. Group: The vertical arrangement of elements in periodic table form groups.

(b) Write the names of the first four elements of the periodic table. (Final Term 23)

Ans. First four elements of the periodic table are Hydrogen, Helium, Lithium and Beryllium.

(c) Write any two uses of each of diamond and hydrogen. (Final Term 23)

Ans. Uses of Diamond: Diamond is used to cut glass. Diamond is a shiny matter and is used in jewellery.

Uses of Hydrogen: • Hydrogen is used for the manufacture of banaspati ghee from vegetable oils.

• Hydrogen is used for the manufacture of urea.

2.(a) Write the names of the following elements. Mg, Cl (Final Term 23)

Ans. Mg – Magnesium, Cl – Chlorine

(b) Compare any two properties of metals and non-metals. (Final Term 23)

Ans. Properties of Metals:

i- Most of the metals are found in solid state at room temperature.

ii- Generally metals are hard solid.

Properties of non-metals:

i- Non-metals are usually soft and bad condutors of heat and electricity.

ii- Diamond is another form of carbon. It is the hardest matter on the Earth.

(c) Write any four uses of metals related to their properties. (Final Term 23)

Ans. Uses of metals:

i- Mercury (Hg) is the metal which exist in liquid state and is filled in the bulbs of thermometers to measure temperature.

ii- Iron is a hard metal, therefore it is used to make steel, railway tracks and ships, etc.

iii- Aluminium metal is used to make reflectors of light, picture frames and mirror, etc.

iv- Due to good conductor of heat, aluminium and copper are used to make cooking pots and pans.

3.(a) Define alloy. Give example.

Ans. Molten forms of different metals are mixed to form alloys. For example, German silver and brass.

(b) What do you know about diamond?

Ans. Diamond is form of carbon. It is hardest matter on the Earth. It is used to cut glass. It is a shiny matter and is used in jewellery.

(c) How hot flame is produced which is used for cutting and welding metals?

Ans. Hydrogen when burnt with oxygen gives a very hot flame which is used for cutting and welding metals.

PEC کے ٹرم وائز امتحانات (فرسٹ ٹرم، سیکنڈ ٹرم اور سالانہ) کے سابقہ پیپرز سے لیے گئے مختصر جوابی سوالات (CRQ's)

س درج ذیل کے مختصر جوابات دیں۔

1.(a) پیریاڈک ٹیبل میں گروپ کی تعریف کریں۔ (Final Term 23)

جواب: گروپ: پیریاڈک ٹیبل میں ایلیمنٹس کی عمودی ترتیب گروپس بناتی ہیں۔

(b) پیریاڈک ٹیبل کے پہلے چار ایلیمنٹس کے نام لکھیں۔ (Final Term 23)

جواب: پیریاڈک ٹیبل کے پہلے چار ایلیمنٹس ہائیڈروجن، ہیلیم، لیتھیم اور بیریلیم ہیں۔

(c) ڈائمنڈ اور ہائیڈروجن کے دو، دو استعمالات لکھیں۔ (Final Term 23)

جواب: ڈائمنڈ کے استعمالات: ڈائمنڈ شیشہ کاٹنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ڈائمنڈ ایک چمکدار مادہ ہے اور اسے زیورات میں استعمال کیا جاتا ہے۔

ہائیڈروجن کے استعمالات: ویجیٹیبل آئل سے بناسپتی گھی کی تیاری میں ہائیڈروجن استعمال ہوتی ہے۔ یوریا کے بننے میں ہائیڈروجن استعمال کی جاتی ہے۔

2.(a) مندرجہ ذیل ایلیمنٹس کے نام لکھیں۔ Mg, Cl (Final Term 23)

جواب: میگنیشیم، کلورین

(b) میٹلز اور نان میٹلز کی کوئی سی دو خصوصیات کا موازنہ کریں۔ (Final Term 23)

جواب: میٹلز کی خصوصیات:

i- زیادہ تر میٹلز روم ٹمپریچر پر ٹھوس حالت میں پائے جاتے ہیں۔

ii- عام طور پر میٹلز سخت ٹھوس ہوتے ہیں۔

نان میٹلز کی خصوصیات

i- عام طور پر نان میٹلز نرم ہوتے ہیں اور حرارت اور الیکٹریسٹی کے ناقص کنڈکٹرز ہوتے ہیں۔

ii- ہیرا کاربن کی ایک دوسری حالت ہے۔ یہ زمین پر پائے جانے والی سب سے سخت شے ہے۔

(c) میٹلز کی خصوصیات کی بنیاد پر کوئی سے چار استعمالات لکھیں۔ (Final Term 23)

جواب: میٹلز کے استعمالات:

i- مرکری (Hg) ایسا میٹل ہے جو مائع حالت میں پایا جاتا ہے اور اسے ٹمپریچر کی پیمائش کرنے والے تھرمامیٹر کے بلب میں بھرا جاتا ہے۔

ii- لوہا ایک سخت میٹل ہوتا ہے اس لیے اسے سٹیل، ریلوے ٹریکس اور بحری جہاز وغیرہ بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے۔

iii- ایلومینیم دھات کو روشنی کے ریفلیکٹرز، پکچر فریمز اور مررز وغیرہ بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے۔

iv- حرارت کے اچھے کنڈکٹرز ہونے کی وجہ سے ایلومینیم اور کاپر کو کھانا پکانے والے برتن اور پینز (pans) بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

3.(a) الائے کی تعریف کریں اور مثال دیں۔

جواب: مختلف میٹلز کی مولٹن شکلیں مکس ہو کر الائے بناتی ہیں۔ مثال کے طور پر جرمن سلور اور براس۔

(b) ڈائمنڈ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: ڈائمنڈ کاربن کی شکل ہے۔ یہ زمین پر پایا جانے والا سخت ترین مادہ ہے۔ یہ شیشہ کاٹنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ یہ چمکدار مادہ ہے اور زیورات بنانے میں استعمال ہوتا ہے۔

(c) میٹلز کی کٹنگ اور ویلڈنگ میں استعمال ہونے والا شعلہ کیسے پیدا ہوتا ہے؟

جواب: جب ہائیڈروجن کو آکسیجن کی موجودگی میں جلایا جاتا ہے تو شدید گرم شعلہ پیدا ہوتا ہے جو میٹلز کی کٹنگ اور ویلڈنگ میں استعمال ہوتا ہے۔

Unit 06

Chemical Reactions

Q **Why the total mass of the reactants is equal to the total mass of the products in a chemical equation?**

Ans. According to the law of conservation of mass, mass is neither created nor destroyed.

"In a chemical equation, the total mass of the reactants is equal to the total mass of the products", this means there is no change in mass during a chemical reaction.

○ **Which element is necessary for a combustion reaction to take place?**

Ans. Oxygen is necessary for a combustion reaction to take place.

○ **How electrostatic forces of attraction are created between atoms joined with an ionic bond?**

Ans. The atom losing one or more electrons becomes a cation, a positively charged ion. The atom gaining one or more electron becomes an anion, a negatively charged ion. When the transfer of electrons occurs, an electrostatic attraction between the two ions of opposite charge takes place and an ionic bond is formed.

Solved Exercise

Q1. Encircle the correct option.

(i) **Carbon burns in air to release energy along with the formation of:**

(a) carbon dioxide
(b) carbon dioxide and water
(c) carbon dioxide and hydrogen
(d) carbon monoxide and hydrogen

(ii) **The products of the reaction between zinc and dilute sulphuric acid are:**

(a) zinc oxide and water
(b) zinc sulphide and water
(c) zinc sulphate and hydrgen
(d) zinc sulphide and hydrogen

(iii) **Which of the following is an unbalanced chemical equation?**

(a) $CH_{4(g)} + 2O_{2(g)} \longrightarrow 2H_2O_{(l)} + CO_{2(g)}$

(b) $Na_{(s)} + Cl_{2(g)} \longrightarrow NaCl_{(s)}$

(c) $C_{(s)} + Cu_2O_{(s)} \longrightarrow CO_{(g)} + 2Cu_{(s)}$

(d) $C_{(s)} + O_{2(g)} \longrightarrow CO_{2(g)}$

(iv) **Heating of solid potassium chlorate produces a gas:**

(a) chlorine
(b) carbon dioxide
(c) carbon monoxide
(d) oxygen

(v) **Which of the following is an exothermic reaction?**

(a) Formation of iron sulphide by heating the mixture of iron and sulphur
(b) Formation of nitric oxide by heating the mixture of nitrogen and oxygen.
(c) Formation of hydrogen iodide by heating the mixture of hydrogen and iodine
(d) Formation of calcium oxide and carbon dioxide by heating calcium carbonate.

یونٹ 06

کیمیکل ری ایکشنز

س کیمیکل مساوات میں ری ایکٹنٹس کا کل ماس کیمیائی مساوات میں پروڈکٹس کے کل ماس کے برابر کیوں ہوتا ہے؟

Ammonium oxalate	Oxalic acid	Ammonium hydroxide
Sodium potassium tartarate	Tartaric acid	Sodium Hydroxide
Ferric chloride	Hydrochloric acid	Ferric hydroxide

سوال 5: کیا ہوتا ہے جب:

(i) میگنیشیم ڈائیلوٹ HCl کے ساتھ ری ایکٹ کرے گا

جواب: جب میگنیشیم ڈائیلوٹ HCl کے ساتھ ری ایکٹ کرتا ہے تو یہ میگنیشیم کلورائیڈ بناتا ہے اور ہائیڈروجن گیس خارج ہوتی ہے۔

$$Mg + 2HCl \longrightarrow MgCl_2 + H_2$$

(ii) سوڈیم ہائیڈروجن کاربونیٹ H_2SO_4 کے ساتھ ری ایکٹ کرے

جواب: جب سلفیورک ایسڈ سوڈیم ہائیڈروجن کاربونیٹ کے ساتھ ری ایکٹ کرتا ہے تو سالٹ اور کاربن ڈائی آکسائیڈ پیدا کرتا ہے۔

$$2NaHCO_3 + H_2SO_4 \longrightarrow Na_2SO_4 + 2CO_2 + 2H_2O$$

(iii) کاپر آکسائیڈ ڈائیلوٹ سلفیورک ایسڈ کے ساتھ ری ایکٹ کرے

جواب: جب H_2SO_4، CuO کے ساتھ ری ایکٹ کرتا ہے تو یہ پانی اور سالٹس بناتا ہے۔

$$CuO + H_2SO_4 \longrightarrow CuSO_4 + H_2O$$

(iv) سوڈیم، کلورین کے ساتھ ری ایکٹ کرے۔

جواب: جب سوڈیم اور کلورین ری ایکٹ کرتے ہیں تو یہ مل کر سوڈیم کلورائڈ بناتے ہیں جو ہم گھر میں کھانے میں استعمال کرتے ہیں۔

$$2Na + Cl_2 \longrightarrow 2NaCl$$

سوال 6: سوڈیم بائی کاربونیٹ اور سوڈیم کاربونیٹ کا سلوشنز فطری طور پر بیسک کیوں ہوتے ہیں؟

جواب: جب $NaHCO_3$ اور Na_2CO_3 کو پانی میں حل کیا جاتا ہے تو وہ سوڈیم (OH^-) اور کاربونیٹ CO_3^{2-} آئین میں تحلیل ہوتے ہیں اسی طرح H_2O بھی ہائیڈروجن (H^+) اور ہائیڈروآکسائڈ آئن (OH^-) میں ٹوٹتا ہے سلوشن میں Na^+ اور OH^- مل کر NaOH بناتے ہیں اسی وجہ سے $NaHCO_3$ اور Na_2CO_3 کے سلوشنز فطری طور پر بیسک ہوتے ہیں۔

سوال 7: زمین کیسے تیزابی بنتی ہے؟

جواب: بارش کا پانی جب ایٹماسفیرک ریجن میں داخل ہوتا ہے تو یہ کاربونک ایسڈ اور نائٹرک ایسڈ کے ساتھ مکس ہو جاتا ہے جس کی وجہ یہ ایسڈک ہو جاتا ہے یہ بارش کا پانی جب زمین پر پہنچتا ہے تو زمین ایسڈک ہو جاتی ہے۔

سوال 8: سلفیورک ایسڈ (H_2SO_4) کا مالیکیول پانی میں دو پروٹون دیتا ہے جبکہ HCl صرف ایک پروٹون اس کا کیا مطلب ہے کیا سلفیورک ایسڈ HCl سے دوگنا زیادہ طاقتور ہے؟

جواب: سلفیورک ایسڈ سلوشن میں دو پروٹون (H^+) دیتا ہے۔ جبکہ HCl ایک پروٹان دیتا ہے کسی تیزاب کی طاقت کا انحصار اس کے پروٹون (H^+) دینے کی صلاحیت پر ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ H_2SO_4، HCl کی نسبت دوگنا زیادہ طاقتور ہوتا ہے۔

سوال 9: ہر سالٹ کے سامنے ایسڈ اور بیس لکھیں جو ان کو تیار کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ کیلشیم ایسیٹیٹ، پوٹاشیم ہائیڈروجن سلفیٹ، میگنیشیم نائٹریٹ، امونیم آگزالیٹ، سوڈیم پوٹاشیم ٹارٹریٹ، فیرک کلورائیڈ

جواب:

سالٹ کا نام	ایسڈ	بیس
کیلشیم ایسیٹیٹ	ایسٹک ایسڈ	کیلشیم ہائڈروآکسائڈ
پوٹاشیم ہائڈروجن سلفیٹ	سلفیورک ایسڈ	پوٹاشیم ہائڈروآکسائڈ
میگنیشیم نائٹریٹ	نائٹرک ایسڈ	میگنیشیم ہائڈروآکسائڈ
امونیم آگزالیٹ	آگزیلک ایسڈ	امونیم ہائڈروآکسائڈ
سوڈیم پوٹاشیم ٹارٹریٹ	ٹارٹارک ایسڈ	سوڈیم ہائڈروآکسائڈ
فیرک کلورائڈ	ہائڈروکلورک ایسڈ	فیرک ہائڈروآکسائڈ

Q10. Constructed Response Questions

(i) **Keeping in view the definitions of acids and bases why water is called a neutral compound?**

Ans. In water, there is a balance between hydrogen ion (H^+) and hydoxide ion (OH^-) so they cancel each other's effect pure water is neither acidic nor basic, it is neutral.

(ii) **Suppose your garden soil is acidic and you want to grow vegetables which do not grow very well in an acidic soil. How will you make your soil fit for growing vegetables?**

Ans. Soil acidity can be corrected easily by liming the soil, or adding basic materials to neutralize the acid present.

(iii) **Citric acid, tartaric acid and acetic acid are used in food items whereas hydrochloric and sulphuric acid are very dangerous for human health. Give reason.**

Ans. Citric acid, tartaric acid and acitic acids are weak acids, therefore, are used in food items. While, hydrochloric acid and sulphuric acid are strong acids and are more corrosive, therefore, are dangerous for human health.

Q11. Investigate

(i) **Sodium bicarbonate ($NaHCO_3$) is used as baking soda. Can potassium bicarbonate ($KHCO_3$) be used for baking cakes?**

Ans. Baking soda (sodium bicarbonate) is commonly used for this purpose, but potassium bicarbonate is a good alternative in particular if you want to reduce your sodium intake. Potassium bicarbonate is widely considered to be one of the best substitutes for baking soda as it offers the same leavening capabilities.

(ii) **Which common salt of copper is used to kill fungus and algae in plants and trees?**

Ans. Copper Sulphate is an inorganic compound, which is used to kill fungus and algae in plants and trees.

(iii) **Why common salt found in Khewra mines is pink in colour?**

Ans. Minerals like potassium, magnesium and calcium are also found in pink salt. Due to these minerals and especially iron oxide, the color of the salt is pink.

(iv) **With the help of pH paper find out the pH of following liquids. Milk, cooking oil, common salt solution and vinegar.**

Ans.

Substance	pH
Milk	6.7
Cooking oil	between 7.38 to 8.63
Common salt solution	8
Vinegar	3

Project:

Some times when you water the plants in your kitchen garden white crystals of salts appear on the surface of the soil. This problem is called salinity of soil and the plants do not grow very well in such a soil. With the help of your teacher and your friends find out a method to overcome this problem.

Ans. Practical work.

سوال 10: کنسٹرکٹڈ ریسپانس کو سمجھو:

(i) ایسڈز اور بیسز کی تعریف ذہن میں رکھتے ہوئے بتائیں کہ پانی کیوں نیوٹرل ہے؟

جواب: پانی میں ہائیڈروجن آئن (H^+) اور ہائیڈروآکسائیڈ (OH^-) کے درمیان توازن ہوتا ہے لہٰذا وہ ایک دوسرے کے اثر کو منسوخ کر دیتے ہیں۔ خالص پانی نہ تو تیزابی ہے اور نہ ہی اساسی، یہ نیوٹرل ہے۔

(ii) فرض کریں آپ کے گارڈن کی مٹی تیزابی ہے اور آپ اس میں سبزیاں اگانا چاہتے ہیں جو کہ ایک تیزابی مٹی میں اچھی طرح نہیں اگ سکتی۔ آپ اپنے باغ کی مٹی کو کیسے سبزیاں اُگانے کے لیے بہتر بنائیں گے؟

جواب: مٹی کی تیزابیت کو مٹی لائمنگ (Liming) کر کے یا اساسی مواد شامل کر کے آسانی سے بہتر کیا جا سکتا ہے، جس سے مٹی میں موجود ایسڈ نیوٹرل ہو جاتا ہے۔

(iii) سٹرک ایسڈ، ٹارٹارک ایسڈ اور ایسٹک ایسڈ کو فوڈ آئٹمز میں استعمال کیا جاتا ہے جبکہ ہائڈروکلورک ایسڈ اور سلفیورک ایسڈ انسانی صحت کے لیے بہت خطرناک ہیں۔ وجہ بتائیں۔

جواب: سٹرک ایسڈ، ٹارٹیرک ایسڈ اور ایسٹک ایسڈ، کمزور ایسڈز ہیں اسی لیے فوڈ آئٹمز میں استعمال کیے جاتے ہیں جبکہ ہائڈروکلورک ایسڈ اور سلفیورک ایسڈ طاقتور ایسڈز ہیں اور زیادہ گلانے والا بھی۔ اسی وجہ سے انسانی صحت کے لیے خطرناک ہیں۔

سوال 11: تحقیق کریں:

(i) سوڈیم بائی کاربونیٹ ($NaHCO_3$) کو بیکنگ سوڈا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ کیا پوٹاشیم بائی کاربونیٹ ($KHCO_3$) کو کیک بنانے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے؟

جواب: اس مقصد کے لیے عام طور پر بیکنگ سوڈا (سوڈیم بائی کاربونیٹ) استعمال کیا جاتا ہے لیکن پوٹاشیم بائی کاربونیٹ ایک اچھا متبادل ہے خاص طور پر اگر آپ اپنے اندر سوڈیم کی مقدار کو کم کرنا چاہتے ہیں۔ پوٹاشیم بائی کاربونیٹ بڑے پیمانے پر بیکنگ سوڈا کے بہترین متبادل میں سے ایک سمجھا جاتا ہے کیونکہ یہ وہی خمیر کرنے کی صلاحیتیں دکھاتا ہے۔

(ii) پودوں اور درختوں کی فنگس اور الجی کو ختم کرنے کے لیے کاپر کا کون سا سالٹ استعمال کیا جاتا ہے؟

جواب: کاپر سلفیٹ ایک ان آرگینک کمپاؤنڈ ہے جسے پودوں اور درختوں کی فنگس اور الجی کو ختم کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

(iii) کھیوڑہ کی کانوں میں پایا جانے والا عام نمک گلابی رنگ کا کیوں ہوتا ہے؟

جواب: پوٹاشیم، میگنیشیم اور کیلشیم جیسے معدنیات بھی گلابی نمک میں پائے جاتے ان معدنیات اور خاص طور پر آئرن آکسائڈ کی وجہ سے نمک کا رنگ گلابی ہو جاتا ہے۔

(iv) pH پیپر کی مدد سے مندرجہ ذیل مائعات کی pH معلوم کریں۔ دودھ، کوکنگ آئل، عام نمک کا محلول اور سرکہ۔

جواب:

اشیا	pH
دودھ	6.7
کوکنگ آئل	7.38 – 8.63
عام نمک کا محلول	8
سرکہ	3

پروجیکٹ:

بعض اوقات جب آپ اپنے کچن گارڈن میں پودوں کو پانی دیتے ہیں تو مٹی کی سطح پر نمکیات کے سفید کرسٹل ظاہر ہوتے ہیں۔ اس مسئلے کو مٹی کی نمکیات کہا جاتا ہے اور ایسی مٹی میں پودے اچھی طرح سے نہیں اگتے۔ اپنے استاد اور اپنے دوستوں کی مدد سے اس مسئلہ کو دور کرنے کا طریقہ تلاش کریں۔

جواب: عملی کام

Can you tell?

Q. Which acid is added to produce fizz in soft drinks?

Ans. Carbonic acid forms from dissolved CO_2 which is present in almost all soft drinks. Carbonic acid is added to soft drinks to make it fizzy.

Can you tell?

Q. Which salt is also known as table salt? Why?

Ans. Sodium chloride is often referred to as table salt or common salt or just simply salt.

Because salt is an essential nutrient and can give an attractive taste to food and feeds.

Activity 7.1

Apparatus / Material Required:

Test tube, water, dilute acetic acid.

Procedure:

- Take a clean test tube and fill it half with water.
- Add a few drops of vinegar in it.
- Close the mouth of the test tube with your thumb and shake it well.
- Taste the wet thumb.
- **How does it taste and why?**

Ans. Its taste is sour because it is acid.

Activity 7.2

Apparatus / Material Required:

Test tubes (3), dilute hydrochloric acid or dilute sulphuric acid, blue litmus, methyl orange, phenolphthalein.

Procedure:

- Take a little quantity of dilute $HC\ell$ or H_2SO_4 solution in three separate test tubes.
- Label them as 1, 2 and 3.
- Add two to three drops of blue litmus, methyl orange and phenolphthalein (indicator) in the test tubes 1, 2 and 3 separately.
- **What changes in the colour of the solution do you observe?**

Ans.

Test tube	Acid Solution	Original colour	Indicator used	Changed colour
1.	dilute HCl	Violet	Litmus	Red
2.	dilute HCl	Colourless	phenolphthalein	colourless
3.	dilute HCl	Orange	Methyl orange	Red

Activity 7.3

Apparatus / Material Required:

Test tube, vinegar, blue litmus solution, sodium hydroxide solution.

Procedure:

- Take 2cm³ of vinegar in a test tube.

کیا آپ بتا سکتے ہیں؟

سوال: سافٹ ڈرنکس میں فز پیدا کرنے کے لیے کون سا ایسڈ استعمال ہوتا ہے؟

جواب: کاربونک ایسڈ تحلیل شدہ CO_2 سے بنتا ہے، جو تقریباً تمام سافٹ ڈرنکس میں موجود ہوتا ہے۔ سافٹ ڈرنکس میں کاربونک ایسڈ ملایا جاتا ہے۔ تاکہ اسے فزی بنایا جا سکے۔

کیا آپ بتا سکتے ہیں؟

سوال: کون سا سالٹ ٹیبل سالٹ کہلاتا ہے؟ کیوں؟

جواب: سوڈیم کلورائڈ کو اکثر ٹیبل سالٹ، عام سالٹ یا صرف سالٹ کہا جاتا ہے۔

کیونکہ سالٹ ایک ضروری غذائیت ہے اور کھانے اور فیڈ کو دلکش ذائقہ دے سکتا ہے۔

سرگرمی 7.1

اپریٹس/ضروری سامان:

ٹیسٹ ٹیوب، پانی، ڈائلیوٹ ایسیٹک ایسڈ۔

طریقہ کار:

- ایک ٹیسٹ ٹیوب لیں اور اسے پانی سے آدھا بھریں۔
- اس میں چند قطرے سرکہ کے ملائیں۔
- اپنے انگوٹھے سے ٹیسٹ ٹیوب کا منہ بند کر دیں اور اچھی طرح ہلائیں۔
- اس کا ذائقہ کیسا ہے اور کیوں؟

جواب: اس کا ذائقہ ترش ہے کیونکہ یہ ایسڈ ہے۔

سرگرمی 7.2

اپریٹس/ضروری سامان:

ٹیسٹ ٹیوبز (3)، ڈائلیوٹ ہائیڈروکلورک ایسڈ یا ڈائلیوٹ سلفیورک ایسڈ، نیلا لٹمس، میتھائل اورنج، فینول فتھالین۔

طریقہ کار:

- تین الگ الگ ٹیسٹ ٹیوبز میں تھوڑی تھوڑی مقدار میں ڈائلیوٹ $HC\ell$ یا H_2SO_4 سلوشن لیں۔
- ان کو ترتیب سے 1، 2 اور 3 لیبل کریں۔
- دو سے تین قطرے بلیو لٹمس، میتھائل اورنج اور فینول فتھالین (انڈی کیٹر) کے 1,2,3 ٹیسٹ ٹیوبز میں علیحدہ علیحدہ شامل کریں۔
- آپ سلوشن کے رنگ میں کیا تبدیلیاں دیکھتے ہیں؟

جواب:

ٹیسٹ ٹیوب	ایسڈ سلوشن	ابتدائی رنگ	استعمال کردہ انڈیکیٹر	تبدیل شدہ رنگ
.1	ڈائلیوٹ HCl	بنفشی	لٹمس	سرخ
.2	ڈائلیوٹ HCl	بے رنگ	فینول فتھلیں	بے رنگ
.3	ڈائلیوٹ HCl	نارنجی	میتھائل اورنج	سرخ

سرگرمی 7.3

اپریٹس/ضروری سامان:

ٹیسٹ ٹیوب، سرکہ، لٹمس سلوشن، سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ سلوشن۔

طریقہ کار:

- ایک ٹیسٹ ٹیوب میں 2cm³ سرکہ لیں۔

- Add two drops of blue litmus solution to it and observe the change, if any.
- Then add carefully sodium hydroxide solution drop by drop and observe the changes taking place in the solution.
- **What do you infer from this activity?**

Ans. When we add two drops of blue litmus solution in a test tube containing vinegar, the vinegar turns red in colour.

On adding sodium hydroxide solution, the vinegar turns blue in colour.

- **Discuss your observation with your teacher.**

Ans. Practicle work

Conclusion:

Blue litmus solution is turned red on addition of vinegar (acid), the red colour disappeared on addition of sodium hydroxide solution (Base).

Activity 7.4

Apparatus / Material Required:

Test tube, sodium hydroxide, water, etc.

Procedure:

- Take 10cm³ of water in a test tube.
- Add a few pellets of sodium hydroxide and shake it.
- Touch the solution with your fingers.
- **How do you feel?**

Ans. I shall feel a sopy touch.

Activity 7.5

Apparatus / Material Required:

Test tube, sodium hydroxide solution, dilute hydrochloric acid, phenolpthalein, etc.

Procedure:

- Take 3cm³ of sodium hydroxide solution in a test tube.
- Add a drop of phenolphthalein solution to it. It turns pink.
- To this, add dilute hydrochloric acid slowly until the colour is discharged. Transfer the solution to a china dish and evaporate it to dryness.
- **What do you observe?**

Ans. We observe the crystals of sodium chloride (NaCl) in the china dish.

- اس میں دو قطرے بلیو لٹمس سلوشن کے ڈالیں اور اگر کوئی تبدیلی رونما ہو تو مشاہدہ کریں۔
- پھر اس میں سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ سلوشن شامل کریں اور سلوشن میں رونما ہونے والی تبدیلیوں کا مشاہدہ کریں۔
- اس ایکٹیویٹی سے آپ کیا نتیجہ اخذ کرتے ہیں؟

جواب: جب ہم اس ٹیسٹ ٹیوب میں جس میں سرکہ موجود ہو دو قطرے بلیو سلوشن کے ڈالتے ہیں تو سرکہ سرخ رنگ میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ سلوشن ڈالنے سے سرکہ نیلے رنگ میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

- اپنے استاد سے اپنے مشاہدات بیان کریں۔

جواب: عملی کام

نتیجہ:

سرکہ (ایسڈ) ڈالنے پر نیلا لٹمس سلوشن سرخ ہو جاتا ہے جبکہ اسی سرخ سلوشن میں جب سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ سلوشن (بیس) ڈالنے پر سرخ رنگ غائب ہو جاتا ہے۔

سرگرمی 7.4

اپریٹس/ضروری سامان:

ٹیسٹ ٹیوب، سوڈیم ہائیڈروآکسائڈ، واٹر وغیرہ۔

طریقہ کار:

- ایک ٹیسٹ ٹیوب میں 10cm³ پانی لیں۔
- اس میں چند گولیاں سوڈیم ہائیڈروآکسائڈ کی ڈال کر اچھی طرح ہلائیں۔
- اپنی انگلیوں کے ساتھ سلوشن کو چھوئیں۔
- آپ کیسا محسوس کرتے ہیں؟

جواب: میں ایک صابن جیسا ٹچ محسوس کرتا ہوں۔

سرگرمی 7.5

اپریٹس/ضروری سامان:

ٹیسٹ ٹیوب، سوڈیم ہائیڈروآکسائڈ سلوشن، ڈائلیوٹ ہائیڈروکلورک ایسڈ، فینول فتھالین وغیرہ۔

طریقہ کار:

- ایک ٹیسٹ ٹیوب میں 3cm³ سوڈیم ہائیڈروآکسائڈ سلوشن لیں۔
- اس میں چند قطرے فینول فتھالین سلوشن کے شامل کریں۔ یہ گلابی ہو جائے گا۔
- اس میں آہستہ آہستہ ڈائلیوٹ ہائیڈروکلورک ایسڈ شامل کریں یہاں تک کہ رنگ ختم ہو جائے۔ اس سلوشن کو چائنہ ڈش میں ڈالیں اور اس کے خشک ہونے تک ایویپوریٹ کریں۔
- آپ کیا مشاہدہ کرتے ہیں؟

جواب: ہم چائنہ ڈش میں سوڈیم کلورائڈ کے کرسٹلز دیکھتے ہیں۔

Activity 7.7

Material Required:

universal indicator paper, dilute NaOH, dilute NH_4OH, dilute HCl, dilute H_2SO_4, vinegar, distilled water

Procedure:

- Take 1 cm^3 of dilute HCl, dilute H_2SO_4, dilute CH_3COOH (vinegar), dilute NaOH, dilute NH_4OH solutions prepared in distilled water in different test tubes.
- Add 1.5cm^3 of distilled water.
- Dip separate universal indicator paper strips in each tube and match the colour with colour given on the strip.
- Note the observations.

Ans.

Sample	Colour of universal indicator paper	pH of the solution
Dilute HCl	Red	1
Dilute H_2SO_4	Red	1
Dilute CH_3COOH	Yellow	3
Dilute NaOH	Purple	14
Dilute NH_4OH	Blue	11
Distilled H_2O	Green	7

Activity 7.8

Apparatus / Material Required:

Dilute HCl, soap solution, lemon juice, tap water, sodium hydroxide, ammonia solution and household bleach.

Procedure:

- Put the above samples separately in clean test tubes.
- Add a few drops of red and blue litmus solution in separate test tubes containing the same solution.
- Record your observations in the following table.

Sample	Colour Change		Nature of Solution
	Red litmus	Blue litmus	
Dil HCl	Remains red	Turns red	Acidic
Soap solution	Turns blue	Remains blue	Basic
Tap water	Remains red	Remains blue	Neutral
Sodium hydroxide	Turns blue	Remains blue	Basic
Household bleach	Turns blue	Remains blue	Basic
Ammonia solution	Turns blue	Remains blue	Basic

سرگرمی 7.7

اپریٹس/ضروری سامان

یونیورسل انڈیکیٹر پیپر، ڈائیلوٹ سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ، ڈائیلوٹ امونیم ہائیڈروآکسائیڈ، ڈائیلوٹ HCl، ڈائیلوٹ H_2SO_4، سرکہ، ڈسٹلڈ واٹر

طریقہ کار:

- مختلف ٹیسٹ ٹیوبز میں 1cm^3 ڈائیلوٹ HCl، ڈائیلوٹ H_2SO_4، ڈائیلوٹ CH_3COOH، ڈائیلوٹ NaOH، ڈائیلوٹ NH_4OH مختلف ٹیسٹ ٹیوبز میں ڈسٹلڈ واٹر میں تیار محلول لیں۔
- ان میں 1.5cm^3 ڈسٹلڈ واٹر شامل کریں۔
- علیحدہ علیحدہ یونیورسل انڈیکیٹر پیپر، سٹرپس ہر ایک ٹیوب میں ڈالیں اور سٹرپ پر دیے گئے رنگ سے موازنہ کریں۔
- مشاہدات درج کریں۔

جواب:

نمونہ	یونیورسل انڈیکیٹر پیپر کا رنگ	سلوشن کی pH
ڈائیلوٹ HCl	سرخ	1
ڈائیلوٹ H_2SO_4	سرخ	1
ڈائیلوٹ CH_3COOH	پیلا	3
ڈائیلوٹ NaOH	جامنی	14
ڈائیلوٹ NH_4OH	نیلا	11
ڈائیلوٹ H_2O	سبز	7

سرگرمی 7.8

اپریٹس/ضروری سامان:

ڈائیلوٹ HCl، سوپ سلوشن، لیمن جوس، ٹیپ واٹر، سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ، امونیا سلوشن اور گھر میں استعمال ہونے والی بلیچ۔

طریقہ کار:

- ان سیمپلز کو صاف ٹیسٹ ٹیوبز میں ڈالیں۔
- ایک وقت میں چند قطرے بلیو اور ریڈ لٹمس سلوشن کے مختلف ٹیسٹ ٹیوبز میں ڈالیں۔
- درج ذیل ٹیبل میں اپنے مشاہدات ریکارڈ کریں۔

نمونہ	رنگ کی تبدیلی		سلوشن کی نوعیت
	سرخ لٹمس	نیلا لٹمس	
ڈائیلوٹ HCl	سرخ رہتا ہے	سرخ ہوجاتا ہے	ایسڈک
سوپ سلوشن	نیلا ہوجاتا ہے	نیلا رہتا ہے	بیسک
ٹیپ واٹر	سرخ رہتا ہے	نیلا رہتا ہے	نیوٹرل
سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ	نیلا ہوجاتا ہے	نیلا رہتا ہے	بیسک
ہاؤس ہولڈ بلیچ	نیلا ہوجاتا ہے	نیلا رہتا ہے	بیسک
امونیا سلوشن	نیلا ہوجاتا ہے	نیلا رہتا ہے	بیسک

OBJECTIVE TYPE QUESTIONS

Multiple Choice Questions (MCQ's) Taken From Previous Term Wise Papers (First Term, Second Term & Annual) of PEC

○ **Choose the correct answer.**

1. Which of the following substances is used as natural indicator? (Second Term 23)
   (a) Litmus paper (b) Methyl Orange
   (c) Turmeric paper (d) Phenolphtalene
2. Identify an acid obtained from fats. (Second Term 23)
   (a) oxalic acid (b) lactic acid
   (c) tartaric acid (d) stearic acid
3. What is the pH range of strong acids? (Second Term 23)
   (a) 12-14 (b) 8-11 (c) 0-2 (d) 3-6
4. Which acid is obtained from tomato? (Second Term 23)
   (a) Citric acid (b) Lactic acid
   (c) Stearic acid (d) Oxalic acid
5. Which of the following is the correct statement about the pH? (Second Term 23)
   (a) pH = 6 is more acidic (b) pH = 3 is more basic
   (c) pH = 1 is more acidic (d) ph = 5 is more basic
6. Identify a mineral acid from the following. (Second Term 23)
   (a) Nitric acid (b) Acetic acid
   (c) Citric acid (d) Malenoic acid
7. Which ion do acids produce in an aqueous solution? (Second Term 23)
   (a) H^+ (b) H^- (c) O^+ (d) O^-
8. Identify the source of maleic acid. (Final Term 23)
   (a) Apple (b) Banana (c) Grapes (d) Mango
9. HCl solution will turn: (Final Term 23)
   (a) phenolphthalein to pink (b) red litmus to blue
   (c) blue litmus to red
   (d) methyl orange to yellow
10. Which of the following compounds has a sour taste? (Final Term 23)
    (a) HCl (b) NaCl (c) NaOH (d) KCl
11. Which acid is used in the manufacuring of urea fertilizers? (Final Term 23)
    (a) HNO_3 (b) HCl (c) H_2SO_4 (d) H_3PO_4
12. Identify the acid from the following compounds. (Final Term 23)
    (a) NaOH (b) HCl (c) KOH (d) KCl
13. The word acid is derived form:
    (a) Arabic word (b) English word
    (c) Latin word (d) Greek word
14. All acids have a taste:
    (a) sour (b) sweet (c) bitter (d) salty
15. Base has a ________ touch.
    (a) soapy (b) hard (c) soury (d) smooth
16. A large variety of compounds exists are:
    (a) acids (b) bases (c) alkalis (d) salt

معروضی طرز سوالات

PEC کے ٹرم وائز امتحانات (فرسٹ ٹرم، سیکنڈ ٹرم اور سالانہ) کے سابقہ پیپرز سے لیے گئے کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

○ درست جواب کا انتخاب کریں۔

-1 مندرجہ ذیل میں سے کون سی شے نیچرل انڈیکیٹر کے طور پر استعمال ہوتی ہے؟ (Second Term 23)
(a) لٹمس پیپر (b) میتھائل اورنج (c) ٹرمیرک پیپر (d) فینولفتھالین

-2 فیٹس سے حاصل ہونے والے ایسڈ کی نشاندہی کریں۔ (Second Term 23)
(a) آگزیلک ایسڈ (b) لیکٹک ایسڈ
(c) ٹارٹارک ایسڈ (d) سٹیرک ایسڈ

-3 طاقتور ایسڈز کی pH رینج کیا ہے؟ (Second Term 23)
(a) 12-14 (b) 8-11 (c) 0-2 (d) 3-6

-4 ٹماٹر سے کون سا ایسڈ حاصل ہوتا ہے؟ (Second Term 23)
(a) سٹرک ایسڈ (b) لیکٹک ایسڈ (c) سٹیرک ایسڈ (d) آگزیلک ایسڈ

-5 مندرجہ ذیل میں سے pH کے حوالے سے کون سا بیان درست ہے؟ (Secood Term 23)
(a) pH = 6 زیادہ ایسڈک ہے (b) pH = 3 زیادہ بیسک ہے
(c) pH = 1 زیادہ ایسڈک ہے (d) pH = 5 زیادہ بیسک ہے

-6 مندرجہ ذیل میں سے منرل ایسڈ کی شناخت کریں۔ (Second Term 23)
(a) نائٹرک ایسڈ (b) ایسٹک ایسڈ
(c) سٹرک ایسڈ (d) میلانونیک ایسڈ

-7 ایسڈ ایکوس سلوشن میں کون سا آئن پیدا کرتے ہیں؟ (Second Term 23)
(a) H^+ (b) H^- (c) O^+ (d) O^-

-8 میلک ایسڈ کے ذریعے کی شناخت کریں۔ (Final Term 23)
(a) سیب (b) کیلا (c) انگور (d) آم

-9 HCl کا سلوشن کردے گا: (Final Term 23)
(a) فینولفتھلین کو گلابی (b) سرخ لٹمس کو نیلا
(c) نیلے لٹمس کو سرخ (d) میتھائل اورنج کو پیلا

-10 مندرجہ ذیل میں سے کس کمپاؤنڈ کا ذائقہ ترش ہوتا ہے؟ (Final Term 23)
(a) HCl (b) NaCl (c) NaOH (d) KCl

-11 یوریا فرٹیلائزر کی تیاری میں کون سا ایسڈ استعمال ہوتا ہے؟ (Final Term 23)
(a) نائٹرک ایسڈ (b) ہائیڈروکلورک ایسڈ
(c) سلفیورک ایسڈ (d) فاسفورک ایسڈ

-12 مندرجہ ذیل میں سے ایسڈ کی شناخت کریں۔ (Final Term 23)
(a) NaOH (b) HCl (c) KOH (d) KCl

-13 لفظ ایسڈ اخذ کیا گیا ہے:
(a) عربی لفظ سے (b) انگلش لفظ سے
(c) لاطینی لفظ سے (d) یونانی لفظ سے

-14 تمام ایسڈز کا ذائقہ ہوتا ہے:
(a) کھٹا (b) میٹھا (c) کڑوا (d) نمکین

-15 بیس چھونے پر ________ محسوس ہوتے ہیں۔
(a) صابن جیسے (b) سخت (c) کھٹے (d) ملائم

-16 کمپاؤنڈز کی بڑی ورائٹی پائی جاتی ہے:
(a) ایسڈز (b) بیسز (c) الکلیز (d) سالٹ

Short Answer Questions (CRQ's)
Taken From Previous Term Wise Papers
(First Term, Second Term & Annual) of PEC

○ **Give short answers.**

Q1. (a) Define acid. (Second Term 23)

Ans. Compounds that produce hydrogen ions (H^+) in their aqueous solution are called acids.

(b) Write any four uses of nitric acid. (Second Term 23)

Ans. Nitric acid is used:

1. In the manufacture of fertilizer.
2. For the manufacture of explosives.
3. In the manufacture of dyes, plastics, and artificial silk.
4. For etching designs on metals like copper, brass and bronze, etc.

(c) Write the names of any two mineral acids and their formulas. (Second Term 23)

Ans. 1. Hydrochloric acid HCl 2. Nitric acid HNO_3
3. Sulphuric acid H_2SO_4

Q2. (a) Write any two uses of salts in our daily life. (Second Term 23)

Ans. 1. We use sodium chloride (common salt) for seasoning food. It is also used as a preservative for fish and pickles.
2. Baking soda is used for giving softness to cakes and bread.
3. Washing soda is used for washing clothes.
4. Sodium-potassium is used as a laxative.

(b) On the basis of which properties a solution will be an acid or a base. Explain. (Second Term 23)

Ans. Pure water ionizes very slightly into hydrogen (H^+) and hydroxide ions (OH^-). However, the concentration of hydrogen ion (H^+) and hydroxide ion (OH^-) in pure water are equal. Hydrogen ion concentration increases, when acids are dissolved in water. Alkalis on dissolving in water, decrease the concentration of hydrogen ions in water as compared to hydroxide ions. The greatest the concentration of hydrogen ions in a solution, the stronger the acid is. The less the concentration of the hydrogen ions in a solution the stronger the alkali is.

(c) What is meant by the pH of a solution? What are its ranges? (Second Term 23)

Ans. The scale which is used to measure the strength of acidic and alkaline solutions is known as the pH scale. It shows different values of an acidic or alkaline solution. The colour changes from yellow to orange and then red as pH decreases. The colour changes from 0 to 7 for an acidic solution. The colour changes from indigo to violet when the pH changes from 7 to 14 for an alkaline solution.

Q3. (a) Write some uses of calcium hdroxide.

Ans. Solid calcium hydroxide is called slaked lime.
It is used:

PEC کے ٹرم وائز امتحانات (فرسٹ ٹرم، سیکنڈ ٹرم اور سالانہ) کے سابقہ پیپرز سے لیے گئے مختصر جوابی سوالات (CRQ's)

○ درج ذیل کے مختصر جوابات دیں۔

سوال1- (a) ایسڈ کی تعریف کریں۔ (Second Term 23)

جواب: ایسے کمپاؤنڈز جو ایکوئس سلوشن میں ہائیڈروجن آئنز (H^+) دیں ایسڈ کہلاتے ہیں۔

(b) نائٹرک ایسڈ کے کوئی چار استعمالات لکھیں۔ (Second Term 23)

جواب: 1- کھادوں کی تیاری میں۔
2- دھماکہ خیز مواد کی تیاری میں۔
3- رنگ، پلاسٹک اور مصنوعی سِلک کی تیاری میں۔
4- کاپر، براس اور برونز جیسی میٹلز کی سطح پر نقش و نگار کے لیے۔

(c) کوئی دو منرل ایسڈز کے نام اور ان کے فارمولے لکھیں۔ (Second Term 23)

جواب: 1- ہائیڈروکلورک ایسڈ HCl 2- نائٹرک ایسڈ HNO_3
3- سلفیورک ایسڈ H_2SO_4

سوال2- (a) ہماری روزمرہ زندگی میں سالٹس کے کوئی سے دو استعمالات لکھیں۔ (Second Term 23)

جواب: 1- ہم سوڈیم کلورائڈ (عام نمک) کو پکانے والے کھانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ یہ مچھلی اور اچار کو محفوظ کرنے کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔
2- بیکنگ سوڈا کیک اور روٹی کو نرم کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
3- کپڑے دھونے کے لیے واشنگ سوڈا استعمال کیا جاتا ہے۔
4- سوڈیم پوٹاشیم کو دافع قبض کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

(b) کن خصوصیات کی بنیاد پر سلوشن ایسڈ یا بیس ہوگا۔ وضاحت کریں۔ (Second Term 23)

جواب: خالص پانی ہائیڈروجن (H^+) اور ہائیڈروآکسائیڈ آئنز (OH^-) میں بہت کم آئیونائز ہوتا ہے۔ تاہم خالص پانی مین ہائیڈروجن آئنز (+H) اور ہائیڈروآکسائیڈ آئنز (-OH) کی کنسنٹریشن برابر ہوتی ہے۔ جب ایسڈ پانی میں حل ہوتے ہیں تو ہائیڈروجن آئن کی کنسنٹریشن بڑھ جاتی ہے۔ پانی میں حل ہونے پر الکلیز، ہائیڈروآکسائیڈ آئنز کے مقابلے میں پانی میں ہائیڈروجن آئنز کی کنسنٹریشن کم کرتا ہے۔ کسی محلول میں ہائیڈروجن آئنز کی کنسنٹریشن جتنی زیادہ ہوگی، ایسڈ اتنا ہی طاقتور ہوگا۔ سلوشن میں ہائیڈروجن آئنز کی کنسنٹریشن جتنی کم ہوگی الکلی اتنی ہی طاقتور ہوگی۔

(c) سلوشن کی پی ایچ سے کیا مراد ہے؟ اس کی رینجز کیا ہیں؟ (Second Term 23)

جواب: وہ سکیل جو تیزابی اور الکلائن سلوشن کی طاقت کو ماپنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اسے پی ایچ سکیل کہا جاتا ہے۔ یہ تیزابی یا الکلائن سلوشن کی مختلف اقدار کو ظاہر کرتا ہے، جس کا رنگ پیلے سے نارنجی اور پھر pH کم ہونے پر سرخ ہو جاتا ہے۔ تیزابی سلوشن کے لیے رنگ 0 سے 7 تک تبدیل ہوتا ہے۔ جب الکلائن سلوشن کے لیے pH7 سے 14 تک بدل جاتا ہے تو رنگ انڈیگو سے بنفشی میں بدل جاتا ہے۔

سوال3-(a) کیلشیم ہائیڈروآکسائیڈ کے استعمالات لکھیں۔

جواب: ٹھوس کیلشیم ہائیڈروآکسائیڈ سلیکڈ لائم کہلاتا ہے۔
یہ استعمال ہوتا ہے:

i. In the manufacture of bleaching powder.
ii. As a dressing material for acid burns.
iii. In making lime sulphur sprays to be used as fungicide.
iv. As a water softener.
v. For neutralization acidity present in soil.

(b) What do you know about salt?

Ans. A salt is a compound formed by the neutralization of an acid with a base. A large variety of compounds exists as salt. Sodium chloride is a common salt which we use in our food.

(c) Write some uses of sulphuric acid.

Ans. Uses of Sulphuric acid:

i. as a dehydrating agent.
ii. in the manufacture of fertilizers like ammonium phosphate, calcium ammonium phosphate, calcium super phosphate, etc.
iii. in the manufacture of celluloid plastic, artificial silk, paints, drugs and detergents.
iv. In petroleum refining, textile, paper, and leather industries.
v. In lead storage batteries.

Q4. (a) Write any two uses of Hydrochloric acid.

Ans. Uses of Hydrochloric Acid:

i. for cleaning rust from the surface of metals.
ii. for purification of common salt (NaCl).

(b) Write two uses of Sodium hydroxide.

Ans. Sodium hydroxide is largely used in:

i. Soap textile and plastic industries
ii. petroleum refining

(c) Write some uses of salts in human body.

Ans. Salts of sodium, potassium, calcium, magnesium and iron are needed for the normal working of our body. They perform the following functions.

i. Sodium and potassium salts are needed for the proper functioning of muscles and the nervous system.
ii. Salts of calcium are present in bones. They are responsible for the strength of bones. These salts are responsible for preventing heart attacks. Plaster of paris is used for broken limbs.
iii. Potash alum is used to coagulate blood coming out of a wound. It is also used for the purification of water.
iv. Salts of iodine are needed for the proper functioning of thyroid glands. They are also used to set the treatment of goiter.

i. بلیچنگ پاؤڈر کی تیاری میں۔
ii. تیزاب سے جلے ہوئے کے لیے ڈریسنگ میٹریل کے طور پر
iii. لائم سلفر سپرے کی تیاری میں جو فنگی سائیڈ کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔
iv. پانی کے نرم پن کے لیے۔ v. زمین کی تیزابیت کو ختم کرنے کے لیے۔

(b) سالٹ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: ایک ایسا کمپاؤنڈ جو ایسڈ اور بیس کے نیوٹرلائزیشن کے عمل سے بنتا ہے۔ کمپاؤنڈز کی وسیع ورائٹی سالٹ کی شکل میں پائی جاتی ہے۔ سوڈیم کلورائیڈ ایسا سالٹ ہے جو ہم کھانے میں استعمال کرتے ہیں۔

(c) سلفیورک ایسڈ کے کچھ استعمال لکھیں۔

جواب: سلفیورک ایسڈ کے استعمالات:

i. ڈی ہائیڈریٹنگ ایجنٹ کے طور پر۔
ii. کچھ دھاتوں جیسے امونیم فاسفیٹ، کیلشیم امونیم فاسفیٹ، کیلشیم سپر فاسفیٹ وغیرہ کی تیاری میں۔
iii. سیلیولوڈ پلاسٹک، مصنوعی سلک، رنگوں، ادویات اور ڈیٹرجنٹس کی تیاری میں۔
iv. پٹرولیم کی ریفائنری، ٹیکسٹائل، کاغذ اور لیدر انڈسٹریز کے لیے۔
v. لیڈ سٹوریج بیٹریز میں۔

سوال4-(a) ہائیڈروکلورک ایسڈ کے استعمالات کیا ہیں؟

جواب: ہائیڈروکلورک ایسڈ کے استعمالات:

i. میٹلز کی سطح سے زنگ صاف کرنے کے لیے۔
ii. عام نمک (NaCl) کو صاف کرنے کے لیے۔

(b) سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ کے دو استعمالات لکھیں۔

جواب: سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ زیادہ تر استعمال ہوتا ہے:

i. صابن، ٹیکسٹائل اور پلاسٹک انڈسٹریز میں
ii. پٹرولیم ریفائننگ میں

(c) انسانی جسم میں سالٹس کے چند استعمالات لکھیں۔

جواب: ہمارے جسم کے روزمرہ کے کاموں کے لیے سوڈیم، پوٹاشیم، کیلشیم، میگنیشیم اور آئرن کے سالٹ کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ مندرجہ ذیل افعال سرانجام دیتے ہیں۔

i- سوڈیم اور پوٹاشیم کے سالٹس مسلز اور نروس سسٹم کے باقاعدہ افعال کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔
ii- کیلشیم کے سالٹس ہڈیوں میں موجود ہوتے ہیں یہ ہڈیوں کی مضبوطی کے ذمہ دار ہیں۔ یہ سالٹس ہارٹ اٹیک سے بچاتے ہیں۔ پلاسٹر آف پیرس ٹوٹی ہوئی ہڈیوں کے جوڑنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔
iii- پوٹاش ایلم زخم سے نکلنے والے خون کو روکنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ یہ پانی کی پیوری فیکیشن کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔
iv- آیوڈین کے سالٹس تھائیرائڈ گلینڈز کے باقاعدہ افعال کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ یہ گلہڑ کے علاج کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

Unit 08

Force and Pressure

O What would happen if an unbalanced force acted on a moving object?

Ans. An unbalanced force acting on an object results change in the object's motion changing. The object may change its speed (speed up or slow down), or it may change its direction.

O Why does a ship float while an iron nail sink in water?

Ans. The weight of the water displaced by the ship is equal to its weight so it floats. Whereas, the weight of the water displaced by the iron nail is less than its weight so the iron nail sinks.

O What causes the liquid to fill in the syringe?

Ans. When a syringe's piston is drawing liquid, it is pulled up creating pressure inside which becomes less than the pressure outside (atmospheric pressure) that acts on the liquid. Hence, the atmospheric pressure compels the liquid to rise up in the syringe.

Solved Exercise

Q1. Encircle the correct answer.

(i) **Two equal forces act at the same time on the same stationary object but in the opposite directions. Which statement describes the object's motion?**
(a) The object changes direction
(b) The object accelerates
(c) The object remains stationary
(d) The object moves at a constant speed

(ii) **A student pushes against a tree with a force of 10 newtons (N). The tree does not move. What is the amount of force exerted by the tree on the student?**
(a) 0 (b) 5N **(c)** 10N (d) 20N

(iii) **What causes objects to move?**
(a) Velocity **(b)** Unbalanced forces
(c) Balanced force (d) Friction

(iv) **The pressure at the bottom of the tank containing a liquid does not depend on:**
(a) area of the bottom surface
(b) height of the liquid column
(c) nature of the liquid
(d) acceleration due to gravity

(v) **The SI unit of pressure is:**
(a) watt (b) joule **(c)** pascal (d) newton

(vi) **When same amount of force is applied on different areas, it exerts:**
(a) low pressure on small area
(b) no pressure on small area
(c) high pressure on small area
(d) high pressure on large area

یونٹ 08

فورس اور پریشر

O اگر ایک حرکت کرتے ہوئے جسم پر غیر متوازن فورس عمل کرے تو کیا ہوگا؟

جواب: اگر ایک غیر متوازن فورس کسی جسم پر عمل کرتی ہے تو جسم کی حرکت بدل جاتی ہے۔ جس سے جسم کی سپیڈ تبدیل ہو جاتی ہے (زیادہ بھی ہو سکتی ہے اور کم بھی) یا جسم اپنی سمت بدل سکتا ہے۔

O ایک بحری جہاز پانی میں تیرتا ہے جبکہ ایک لوہے کی سوئی ڈوب جاتی ہے کیوں؟

جواب: بحری جہاز کے ذریعے ہٹائے جانے والے پانی کا وزن اسے جہاز کے وزن کے برابر ہوتا ہے اس لیے یہ پانی میں تیرتا ہے جبکہ لوہے کی کیل سے ہٹائے جانے والے پانی کا وزن اس کے اپنے وزن سے کم ہوتا ہے اس لیے لوہے کی کیل پانی میں ڈوب جاتی ہے۔

O سرنج میں مائع بھرے جانے کی کیا وجہ ہے؟

جواب: جب ایک سرنج کا پسٹن مائع کو کھینچ رہا ہوتا ہے جس سے اندر پریشر پیدا ہوتا ہے جو باہر کے پریشر (ماحول کے پریشر) سے کم ہو جاتا ہے جو مائع پر کام کرتا ہے۔ لہٰذا ماحول کا پریشر مائع کو سرنج میں اوپر آنے پر مجبور کرتا ہے۔

حل مشق

سوال 1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

(i) ایک ساکن جسم پر ایک ہی وقت میں دو برابر لیکن مخالف سمت کی فورسز عمل کر رہی ہیں۔ کون سا بیان اس جسم کی حرکت کو بیان کرتا ہے؟
(a) جسم سمت تبدیل کرتا ہے۔ (b) جسم رفتار پکڑتا ہے۔
(c) جسم ساکن ہوتا ہے۔ (d) جسم ایک ہی رفتار سے حرکت کرتا ہے

(ii) ایک طالب علم 10 نیوٹن کی فورس سے درخت کو دھکیلتا ہے۔ درخت حرکت نہیں کرتا۔ اس فورس کی مقدار کیا ہے جو درخت نے طالب علم پر لگائی؟
(a) 0 نیوٹن (b) 5 نیوٹن **(c)** 10 نیوٹن (d) 20 نیوٹن

(iii) اجسام کی حرکت کرنے کی وجہ کیا ہے؟
(a) ولاسٹی **(b)** غیر متوازن فورس
(c) متوازن فورس (d) فرکشن

(iv) ایک مائع سے بھرے ٹینک کی نچلی تہہ پر لگنے والے پریشر کا انحصار نہیں ہے:
(a) نچلی تہہ کے ایریا پر (b) مائع کے کالم کی لمبائی پر
(c) مائع کی فطرت پر (d) گریویٹی کی وجہ سے ایکسلریشن پر

(v) پریشر کا SI یونٹ ہے:
(a) واٹ (b) جول **(c)** پاسکل (d) نیوٹن

(vi) جب مختلف ایریاز پر ایک ہی جتنی فورس لگائی جائے تو یہ ڈالتی ہے:
(a) چھوٹے ایریا پر کم پریشر (b) چھوٹے ایریا پر کوئی پریشر نہیں
(c) چھوٹے ایریا پر زیادہ پریشر (d) بڑے ایریا پر زیادہ پریشر

(vii) **A force of 1800 N is acting on the surface area of 0.06 m^2. The pressure exerted by the force will be:**
(a) 3 kPa **(b)** 30 kPa (c) 300 kPa (d) 3000 kPa

(viii) **People on hills experience atomospheric pressure:**
(a) more than that at the sea level
(b) less than that at the sea level
(c) same as that at the sea level
(d) four times more than that at the sea level.

(ix) **As we go up in the air:**
(a) atmospheric pressure increases
(b) atmospheric pressure decreases
(c) atmospheric pressure does not change
(d) atmospheric pressure becomes zero at the height of 1 km

Q2. Write short answers.

(i) **Can a balanced force produce change in motion?**

Ans. Balanced forces do not cause a change in motion.
Exmple: If the people on each side of the rope are pulling with the same strength, but in the opposite direction, the forces are balanced. The result is no motion. Balanced forces can cancel each other out. Any time there is a balanced force acting, the object does not move.

(ii) **How can a normal force be balanced?**

Ans. A normal force can be balanced by applying a force, equal in magnitude but opposite in direction of the normal force.

(iii) **Does a car slowing down experience a balanced force?**

Ans. No, if a car is slowing down it experience an unbalanced force.
Because, if an object has a constant velocity then forces are balanced and if an object is speeding up or slowing down, the forces are unbalanced.

(iv) **Define pressure.**

Ans. Pressure: The force acting normally on unit area of a surface of an object is called pressure.

(v) **If two forces act in the opposite directions on an object, what will be the net force acting on it?**

Ans. If two equal forces act in the opposite directions on an object, the net force acting on it is zero.

Q3. Constructed Response Questions.

(i) **Does the size of an object affect its ability to float/sinking?**

Ans. It is observed that as long as the shape and material are the same, size does not affect whether an object will sink or float.

(ii) **In the figure shown below, indicate the location where atmospheric pressure is expected to be the lowest.**

(vii) ایک سطح کے 0.06m² ایریا پر 1800N کی فورس عمل کر رہی ہے فورس کی وجہ سے لگنے والا پریشر ہوگا۔
(a) 3kPa **(b)** 30kpa (c) 300kPa (d) 3000kPa

(viii) پہاڑوں پر لوگوں کو جس ایٹماسفیرک پریشر کا سامنا کرنا پڑتا ہے وہ:
(a) سطح سمندر کی نسبت زیادہ ہوتا ہے **(b)** سطح سمندر کی نسبت کم ہوتا ہے
(c) سطح سمندر پر ایٹماسفیرک پریشر کے برابر اثر ڈالتا ہے
(d) سطح سمندر پر ایٹماسفیرک پریشر سے چار گنا زیادہ ہوتا ہے

(ix) جوں جوں ہم ہوا میں اوپر جاتے ہیں:
(a) ایٹماسفیرک پریشر بڑھتا جاتا ہے **(b)** ایٹماسفیرک پریشر کم ہو جاتا ہے
(c) ایٹماسفیرک پریشر میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی
(d) 1km کی بلندی پر ایٹماسفیرک پریشر صفر ہو جاتا ہے

سوال 2: مختصر جوابات لکھیں۔

(i) کیا ایک متوازن فورس حرکت میں تبدیلی پیدا کر سکتی ہے؟

جواب: متوازن فورسز حرکت میں تبدیلی کا سبب نہیں بنتی ہیں۔
مثال: اگر رسی کے دونوں اطراف لوگ ایک ہی طاقت سے مخالف سمت میں رسی کو کھینچ رہے ہوں تو فورسز متوازن ہوں گی۔ نتیجتاً کوئی حرکت نہیں ہوگی۔ متوازن فورسز ایک دوسرے کو کینسل کر دیتی ہیں۔ جب بھی کوئی متوازن فورس عمل کرتی ہے تو جسم حرکت نہیں کرتا۔

(ii) ایک نارمل فورس کو کیسے متوازن کیا جا سکتا ہے؟

جواب: ایک نارمل فورس کو متوازن کیا جا سکتا ہے جب اس نارمل فورس کی مقدار کے برابر لیکن مخالف سمت میں ایک اور فورس لگائی جائے۔

(iii) کیا آہستہ ہونے والی گاڑی متوازن فورس کا مظاہرہ کرتی ہے؟

جواب: جی نہیں! اگر ایک کار کی رفتار کم ہو رہی ہے تو اس پر ایک غیر متوازن فورس عمل کرتی ہے۔ کیونکہ اگر کسی جسم کی رفتار مستقل ہوتی ہے تو اس پر متوازن فورسز عمل کرتی ہیں اور اگر کسی جسم کی رفتار تیز یا آہستہ ہو رہی ہے تو فورسز غیر متوازن ہیں۔

(iv) پریشر کی تعریف کریں۔

جواب: پریشر: کسی یونٹ ایریا پر لگنے والی عمودی فورس پریشر کہلاتی ہے۔

(v) اگر دو فورسز کسی جسم پر مخالف سمت میں عمل کرے تو اس پر عمل کرنے والی نیٹ فورس کیا ہوگی؟

جواب: اگر کسی جسم پر دو برابر فورسز مخالف سمت میں عمل کر رہی ہوں تو ان فورسز کی ریزلٹنٹ فورس صفر ہوگی۔

سوال 3: کنسٹرکٹڈ ریسپانس کو سمجھو

(i) کیا کسی چیز کا سائز اس کے تیرنے یا ڈوبنے کی صلاحیت کو متاثر کرتا ہے؟

جواب: یہ مشاہدہ کیا گیا ہے کہ جب تک شکل اور میٹیریل ایک جیسا رہے گا۔ تو کسی چیز کا سائز اس کے تیرنے یا ڈوبنے کی صلاحیت کو متاثر نہیں کرتا۔

(ii) نیچے دی گئی شکل میں، اس مقام کی نشاندہی کریں جہاں ایٹماسفیرک پریشر کے سب سے کم ہونے کی توقع ہے۔

Ans. From figure, at point D, the atmosphesic pressure is expected to be lowest. Because as altitude rises, air pressure drops.

(iii) Sketch the forces acting on a paratrooper. Are these forces balanced or unbalanced?

Ans. The forces acting on paratrooper are balanced.



(iv) If the forces acting on the paratrooper are balanced forces, how does the paratrooper then fall down?

Ans. The parachute has a large surface area which increases the force of air resistance massively. These forces are now unbalanced and the sky diver starts to slow down.

(v) Describe how does a bulky camel easily travel in deserts.

Ans. Camel can travel and run on sand of dessert easily because they have wide feet which help them to balance their weight on loose sand and wider feet gives a larger surface area also.

Project:

Demonstration of basic principle of hydraulic push.

Background: In vehicles, hydraulic brake system is used. When the piston of master cylinder is pushed in by our foot, the pressure is applied on the brake fluid inside it. The fluid transmits the pressure equally to all the four cylinders attached to the brake drums of the wheels. As a result, brake shoes are pressed.

Let us make a project to demonstrate this phenomenon by an experiment.

Material Required: 1 syringe (10m ℓ) without needle, 4 syringes, glue and scotch tape.

Using the material, make a hydraullic brake system as shown in the figure.

جواب: دی گئی شکل میں مقام D پر ایٹماسفیئر پریشر کم ترین ہوگا۔ کیونکہ جیسے جیسے بلندی بڑھتی ہے ہوا کا پریشر کم ہوتا جاتا ہے۔

(iii) چھاتہ بردار پر عمل کرنے والی فورسز کا خاکہ تیار کریں۔ کیا یہ فورسز متوازن ہیں یا غیر متوازن؟

جواب: چھاتہ بردار پر عمل کرنے والی فورسز متوازن ہیں۔



(iv) اگر چھاتہ بردار پر عمل کرنے والی فورسز متوازن فورسز ہیں تو چھاتہ بردار نیچے کیسے گرتا ہے؟

جواب: پیراشوٹ کی سطح کا ایک بڑا ایریا ہے جو ہوا کی رزسٹینس کو بڑے پیمانے پر بڑھا دیتا ہے۔ جس سے اس پر عمل کرنے والی فورسز غیر متوازن ہیں اور چھاتہ بردار آہستہ سے نیچے آنے لگتا ہے۔

(v) بیان کریں کہ بڑا اونٹ صحراؤں میں آسانی سے کیسے سفر کرتا ہے؟

جواب: اونٹ صحرا کی ریت پر آسانی سے سفر اور دوڑ سکتے ہیں کیونکہ ان کے چوڑے پاؤں ہوتے ہیں جو انہیں نرم ریت پر اپنا وزن متوازن رکھنے میں مدد دیتے ہیں اور چوڑے پاؤں کی سطح کا رقبہ بھی بڑا ہوتا ہے۔

پروجیکٹ

ہائیڈرولک پش کے بنیادی اصول کا مظاہرہ

پس منظر: گاڑیوں میں ہائیڈرولک بریک سسٹم استعمال کیا جاتا ہے۔ جب ماسٹر سلنڈر کے پسٹن کو ہمارے پاؤں سے اندر دھکیلا جاتا ہے تو اس کے اندر موجود بریک فلوئڈ پر دباؤ پڑتا ہے۔ سیال پہیوں کے بریک ڈرموں سے منسلک چاروں سلنڈروں پر یکساں طور پر دباؤ منتقل کرتا ہے۔ نتیجے کے طور پر، بریک شوز دبائے جاتے ہیں۔ آیئے ایک تجربے کے ذریعے اس رجحان کو ظاہر کرنے کے لیے ایک پروجیکٹ بنائیں۔

مطلوبہ سامان: ایک سرنج (10ml) بغیر سوئی کے، 4 سرنجیں، گلو، اسکاچ ٹیپ۔



میٹیریل کو استعمال کرتے ہوئے ہائیڈرولک بریک سسٹم بنائیں جیسا کہ تصویر میں دکھایا گیا ہے۔

This shows that the pressure applied on one point on an incompressible fluid in a closed container is transmitted equally to all the points of the fluid.

Ans. Practical Work

Point to Ponder:

- **Why does a person keep floating in the dead sea?**

Ans. Dead sea has a high concentration of dissolved salt. As a result of this, water is dense because of this concentration. Our body feels lighter (as it is less dense) and floats on the Dead Sea.

- **Why the supporting wall of a dam is built very broad at the bottom?**



Ans. A dam has broader walls at the bottom than at the top to withst and the great pressure of water which increases with the increase in depth.

Mini Exercise:

(i) Ali's weight is 500 N. He is standing on the ground with an area 0.025 m² under his feet. We can find pressure exerted by Ali on the floor as:

Ans. Force = F = 500 N

Area = A = 0.025m²

$$\text{Pressure} = \frac{\text{Force (weight)}}{\text{Area}}$$

$$\text{Pressure} = \frac{500\ \text{N}}{0.025\ \text{m}^2} = 20{,}000\ \text{Nm}^{-2}$$

- **What will be pressure exerted by Ali in kilo pascal?**

Ans. 1000 Pa = 1kPa

Pressure exerted by Ali = P = 20,000 Nm^{-2}

Pressure exerted by Ali in Kilo Pascal = ?

$$1000\ \text{Pa} = 1\text{kPa} \Rightarrow = \frac{1000}{1000} = \frac{20000}{1000} \Rightarrow P = 20\text{kPa}$$

(ii) A metallic box placed on the floor (as shown in figure) weighs 3000 N.

- **What is the pressure exerted by the block lying in this position?**

Ans. Force = 3000 N

Area = 0.8 × 0.3 = 0.24m²

P = ?



$$P = \frac{F}{A} \Rightarrow P = \frac{3000\ N}{0.24\ m^2} \Rightarrow P = 12500\ \text{Nm}^{-2}$$

- **What will be the pressure exerted by the box if it stands vertically on the smaller face?**

Ans. Force = 3000 N = Area = 0.3 × 0.2 = 0.06 m², P=?

$$P = \frac{F}{A} \Rightarrow P = \frac{3000\ N}{0.06\ m^2} \Rightarrow P = 50000\ \text{Nm}^{-2}$$

اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بند کنٹینر میں نا قابل تسخیر سیال پر ایک نقطہ پر لگایا جانے والا دباؤ سیال کے تمام نکات پر یکساں طور پر منتقل ہوتا ہے۔

جواب: عملی کام

سوچ بچار:

- ایک انسان بحیرۂ مردار میں کیسے تیرتا رہتا ہے؟

جواب: مردار سمندر میں تحلیل شدہ نمک کی زیادہ مقدار ہوتی ہے۔ اس کے نتیجے میں، اس ارتکاز کی وجہ سے پانی بھاری ہو جاتا ہے ہمارا جسم ہلکا محسوس ہوتا ہے (کیونکہ یہ کم بھاری ہے) اور بحیرۂ مردار پر تیرتا ہے۔

- ایک ڈیم کی سپورٹنگ دیوار نیچے سے چوڑی کیوں بنائی گئی ہے؟

جواب: پانی کے شدید دباؤ کو برداشت کرنے کے لیے ایک ڈیم کی نچلے حصے میں چوڑی دیواریں ہوتی ہیں کیونکہ پانی کا پریشر گہرائی کے ساتھ بڑھ جاتا ہے۔



مختصر مشق:

(i) علی کا وزن 500 N ہے۔ وہ ایک میدان میں کھڑا ہے اور اس کے پاؤں کے نیچے 0.025 m² ایریا ہے۔ ہم فرش پر علی کا لگایا جانے والا پریشر یوں معلوم کر سکتے ہیں۔

جواب: فورس = F = 500N

ایریا = A = 0.025m²

$$\text{پریشر} = \frac{\text{فورس (وزن)}}{\text{ایریا}}$$

$$\text{پریشر} = \frac{500\ \text{N}}{0.025\ \text{m}^2} = 20{,}000\ \text{Nm}^{-2}$$

- علی جو پریشر لگا رہا ہے وہ کلو پاسکل میں کتنا ہوگا؟

جواب: 1000 Pa = 1kPa

علی کی طرف سے لگایا گیا پریشر = P = 20,000 Nm^{-2}

علی کی طرف سے لگایا گیا پریشر کلو پاسکل میں = ?

چونکہ

$$1000\ \text{Pa} = 1\text{kPa} \Rightarrow = \frac{1000}{1000} = \frac{20000}{1000}, \Rightarrow P = 20\text{kPa}$$

(ii) ایک میٹلک باکس جس کا وزن 3000 N ہے زمین پر پڑا ہے جیسا کہ تصویر میں دکھایا گیا ہے۔

- اس پوزیشن میں ہوتے ہوئے بلاک کا لگایا جانے والا پریشر کتنا ہے؟



جواب: A = ایریا = 0.8×0.3=0.24m²

F = فورس 3000N پریشر =P = ?

$$P = \frac{F}{A} \Rightarrow P = \frac{3000\ N}{0.24\ m^2} \Rightarrow P = 12500\ \text{Nm}^{-2}$$

- اگر باکس کو چھوٹے حصے پر عمودا کھڑا کیا جائے تو یہ کتنا پریشر لگائے گا؟

جواب: F=3000 N = فورس، A = 0.3×0.2= 0.06 m² = ایریا، P = ?

$$P = \frac{F}{A} \Rightarrow P = \frac{3000\ N}{0.06\ m^2} \Rightarrow P = 50000\ \text{Nm}^{-2}$$

Activity 8.1

Material Required:

Play dough or a ball of clay of the size of a ping pong, a glass half filled with water.

Procedure:

- Put the clay ball in water. Does it sink? Pick the ball out.
- Remove half of the clay from the ball and form it again into a ball shape. Put the ball in the water. Does it sink in water?
- Repeat the process with a very small ball of clay. Does it also sink in water?
- What do you conclude from this activity? Is clay denser than water or less denser than water?

Ans. As clay ball settles down in water, therefore, it is denser than water.

Activity 8.2

Material Required:

10 ice-cream sticks, rubber band, clear plastic or glass container, water.

Procedure:

- Put one ice-cream stick in the water. Observe if it sinks or floats in water.
- Tie all 10 sticks together using rubber band and put it in the water. Does the bundle of sticks sink or float?

Ans. Bundle of sticks floats.

- Do you think wood is denser than water?

Ans. Wood is not denser than water as it floats in water.

OBJECTIVE TYPE QUESTIONS

Multiple Choice Questions (MCQ's)
Taken From Previous Term Wise Papers
(First Term, Second Term & Annual) of PEC

O Choose the correct answer.

1. As we go up in the air, atmospheric pressure: (Second Term 23)
   (a) increases (b) decreases (c) does not change (d) becomes zero
2. The pressure is defined as the force acting per unit: (Final Term 23)
   (a) volume (b) density (c) mass (d) area
3. Which unit is used to express pressure? (Final Term 23)
   (a) N / m (b) N/m^{-1} (c) N/m^2 (d) N/m^{-2}
4. The pressure increases with the increase in: (Final Term 23)
   (a) area (b) force (c) temperature (d) speed

سرگرمی 8.1

مطلوبہ سامان:

آٹا یا پنگ پانگ کے سائز کی مٹی کی ایک گیند لیں
ایک گلاس جو پانی سے آدھا بھرا ہو۔

طریقہ کار:

- مٹی کی گیند کو پانی میں ڈالیں۔ کیا یہ ڈوب جاتی ہے؟ گیند کو باہر نکالیں۔
- گیند سے آدھی مٹی کو ہٹا دیں اور اسے دوبارہ گیند کی شکل دیں۔ شکل گیند کو پانی میں ڈالیں کیا یہ پانی میں ڈوبتی ہے؟
- مٹی کی ایک بہت چھوٹی گیند کے ساتھ عمل کو دہرائیں۔ کیا یہ بھی پانی میں ڈوب جاتی ہے؟
- آپ اس سرگرمی سے کیا نتیجہ اخذ کرتے ہیں؟ کیا مٹی پانی سے زیادہ کثیف ہے یا کم کثیف ہے۔

جواب: مٹی کی گیند چونکہ پانی میں نیچے بیٹھ جاتی ہے اس لیے مٹی پانی سے زیادہ ڈینسر ہے۔

سرگرمی 8.2

مطلوبہ سامان:

10 آئس کریم کی چھڑیاں، ربڑ بینڈ، صاف پلاسٹک یا شیشے کا کنٹینر، پانی



طریقہ کار:

- ایک آئس کریم اسٹک کو پانی میں ڈالیں۔ مشاہدہ کریں کہ آیا یہ ڈوبتا ہے یا پانی میں تیرتا ہے۔
- ربڑ بینڈ کا استعمال کرتے ہوئے تمام 10 چھڑیوں کو ایک ساتھ باندھیں اور اسے پانی میں ڈال دیں۔ کیا چھڑیوں کا بنڈل ڈوبتا ہے یا تیرتا ہے؟

جواب: چھڑیوں کا بنڈل پانی میں تیرتا ہے۔

- کیا آپ کو لگتا ہے کہ لکڑی پانی سے زیادہ ڈینسر ہے؟

جواب: لکڑی پانی سے زیادہ ڈینسر نہیں ہے کیوں کہ یہ پانی میں تیرتی ہے۔

معروضی طرز سوالات

PEC کے ٹرم وائز امتحانات (فرسٹ ٹرم، سیکنڈ ٹرم اور سالانہ) کے ماڈل پیپرز سے لیے گئے کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

O درست جواب کا انتخاب کریں۔

-1 جیسے جیسے ہم ہوا میں اوپر جاتے ہیں، ایٹماسفیرک پریشر: (Second Term 23)
(a) بڑھتا ہے (b) کم ہوتا (c) تبدیل نہیں ہوتا (d) صفر ہو جاتا ہے

-2 پریشر کو فی یونٹ ____ پر کام کرنے والی فورس کے طور پر بیان کیا جاتا ہے۔ (Final Term 23)
(a) والیوم (b) ڈینسٹی (c) ماس (d) ایریا

-3 پریشر کو ظاہر کرنے کے لیے کون سا یونٹ استعمال ہوتا ہے؟ (Final Term 23)
(a) N / m (b) N/m^{-1} (c) N/m^2 (d) N/m^{-2}

-4 پریشر ____ میں اضافے سے بڑھتا ہے۔ (Final Term 23)
(a) ایریا (b) فورس (c) ٹمپریچر (d) سپیڈ

5. If the area of a body increases, the effect of force will: (Final Term 23)
   (a) increase (b) decrease (c) remain same (d) first decrease then increase
6. If a boy has weight 800N and he is standing on the ground with an area 0.05 m^2 under his feet. How much pressure is exerted by him on the floor? (Final Term 23)
   (a) 60 Pa (b) 160 Pa (c) 1600 Pa (d) 16000 Pa
7. Which shoe will exert more pressure on earth from the following if used by the same lady? (Final Term 23)
   (a) (b)
   (c) (d)
8. Which object will thrust into Earth due to high pressure? (Final Term 23)
   (a) (b)
   (c) (d)
9. 1kPa = __________
   (a) 1000 Pa (b) 100 Pa (c) 1056 pa (d) 800 Pa
10. Ali's weight is 500N. He is standing on the ground with an area 0.025 m^2 under his feet. Pressure exerted by Ali on floor is:
    (a) 2000 Pa (b) 3000 Pa (c) 20000Pa (d) 25000 Pa
11. A ______ force acting on a stationary object could make the object start moving.
    (a) balanced (b) Unbalanced (c) perpendicular (d) Inclined

Short Answer Questions (CRQ's)
Taken From Previous Term Wise Papers
(First Term, Second Term & Annual) of PEC

O Give short answers.

Q1. (a) What is the role of air in the balancing of paratroopers? (Second Term 23)

Ans. In the absence of air, the paratrooper should fall down with acceleration due to gravity. But in fact, after a short time, the paratrooper gains a constant speed and lands on the ground safely.
The air provides an opposing force to the downward force of gravity and a stage comes when the opposing force becomes exactly equal to the downward force in magnitude. In this way, air reduces the effect of gravity which becomes zero gradually. Therefore no net force acts on the paratrooper and he/she falls down with constant speed.

-5 اگر کسی جسم کا ایریا بڑھ جائے تو اس پر لگنے والی فورس: (Final Term 23)
(a) بڑھ جائے گی (b) کم ہو جائے گی (c) مستقل رہے گی (d) پہلے کم ہوگی پھر بڑھے گی

-6 فرض کریں ایک لڑکے کا وزن 800 N ہے۔ اسکے پاؤں کے نیچے 0.05 m^2 ایریا ہے۔ وہ فرش پر کتنا پریشر ڈالتا ہے؟ (Final Term 23)
(a) 60 Pa (b) 160 Pa (c) 1600 Pa (d) 16000 Pa

-7 مندرجہ ذیل میں سے کون سا جوتا زمین پر سب سے زیادہ پریشر ڈالے گا اگر ایک ہی عورت استعمال کرے؟ (Final Term 23)
(a) (b)
(c) (d)

-8 کون سا آبجیکٹ زیادہ پریشر کی وجہ سے زمین میں دھنس جائے گا؟ (Final Term 23)
(a) (b)
(c) (d)

-9 ______ =1kPa
(a) 1000 Pa (b) 100 Pa (c) 1056 Pa (d) 800 Pa

-10 علی کا وزن 500N ہے۔ یہ زمین پر اس طرح کھڑا ہے کہ اس کے پاؤں کے نیچے 0.025 m^2 کا ایریا ہے۔ زمین پر لگایا گیا علی کا پریشر ہے:
(a) 2000 Pa (b) 3000 Pas (c) 20000 Pa (d) 25000Pa

-11 کسی ساکن جسم پر ______ فورس عمل کرنے سے جسم حرکت کرنا شروع کرتا ہے:
(a) متوازن (b) غیر متوازن (c) عموداً (d) ترچھی

PEC کے ٹرم وائز امتحانات (فرسٹ ٹرم، سیکنڈ ٹرم اور سالانہ) کے ماڈل پیپرز سے لیے گئے مختصر جوابی سوالات (CRQ's)

O درج ذیل کے مختصر جوابات دیں۔

سوال 1- (a) پیراٹروپر کا توازن برقرار رکھنے میں ہوا کا کیا کردار ہے؟ (Second Term 23)

جواب: ہوا کی عدم موجودگی میں، پیراٹروپر کو کشش ثقل کی وجہ سے تیزی کے ساتھ نیچے گرنا چاہیے۔ لیکن درحقیقت تھوڑے ہی وقت کے بعد پیراٹروپر مسلسل رفتار حاصل کرتا ہے اور بحفاظت زمین پر اترتا ہے۔ ہوا کشش ثقل کی نیچے کی طرف جانے والی قوت کو مخالف قوت فراہم کرتی ہے اور ایک مرحلہ آتا ہے جب مخالف قوت شدت میں نیچے کی قوت کے بالکل برابر ہو جاتی ہے۔ اس طرح ہوا کشش ثقل کے اثر کو کم کرتی ہے جو بتدریج صفر ہو جاتی ہے۔ لہٰذا پیراٹروپر پر کوئی نیٹ فورس کام نہیں کرتی ہے اور وہ مستقل رفتار کے ساتھ نیچے اترتا ہے۔

(b) **Label the given picture with respect to the water pressure and explain it.**

Ans. Label: J: Lowest water pressure at this point.

K: The pressure point of water at this point is higher than J.

L: Water pressure is highest at this point.

Explanation: If we note the distances and angles of streams, we can infer that the greater the depth of water in the vessel, the greater the pressure of water, and such pressure which increases with the depth of water, is called hydrostatic pressure.

(c) **Define balanced forces.**

Ans. When a number of forces are acting on a body, and there is no change in the speed or direction of the body, the these forces are called balanced forces.

Q2.(a) Why does a person keep floating in the dead sea?

Ans. Due to the high salinity of the dead sea, the salt and minerals are most concentrated at the bottom of the lake. Because a person's body weight is lighter than the density of the saltwater in the dead sea, this increases your buoyancy and a person keep floating in the dead sea.

(b) **Define atmospheric pressure.**

Ans. The weight of the air column per unit area on any surface is called atmospheric pressure.

(c) **What is hydraulics?**

Ans. The branch of science which deals with the transmission of pressurized liquids through pipes as a source of mechanical force is called hydraulics.

3.(a) Define unbalanced force.

Ans. The unbalanced forces mean the force acting in a direction is greater then force acting in the opposite direction.

(b) **What will be the pressure exerted by the box shown in above question, if stands vertically on the smaller face?**

Ans. Force = weight = 3000N

Area = 0.2m × 0.3m = $0.06m^2$

Pressure = ?

Formula:



$$\text{Pressure} = \frac{Force}{Area}$$

$$\text{Pressure} = \frac{3000N}{0.06m^2}$$

Pressure = 5000 Nm^{-2}

(b) دی گئی تصویر کو پانی کے پریشر کے لحاظ سے لیبل کریں اور وضاحت کریں۔ (Second Term 23)

جواب: لیبل: J: اس مقام پر پانی کا پریشر سب سے کم ہے۔

K: اس مقام پر پانی کا پریشر پوائنٹ J سے زیادہ ہے۔

L: اس مقام پر پانی کا پریشر سب سے زیادہ ہے۔

وضاحت: اگر ہم بوتل کے سوراخوں سے نکلنے والے پانی کے فاصلے اور زاویوں کی پیمائش کریں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ برتن میں پانی کی گہرائی جتنی زیادہ ہوگی، پانی کا دباؤ اتنا ہی زیادہ ہوگا اور ایسا دباؤ جو پانی کی گہرائی کے ساتھ بڑھتا ہے، اسے ہائیڈروسٹیٹک پریشر کہتے ہیں۔

(c) متوازن فورس کی تعریف کریں۔

جواب: جب کسی جسم پر زیادہ فورسز عمل کر رہی ہوں اور جسم کی سپیڈ یا سمت میں کوئی تبدیلی واقع نہ ہو تو ایسی فورسز متوازن فورسز کہلاتی ہیں۔

سوال 2-(a) ایک شخص کس طرح بحیرہ مردار (dead sea) میں تیرتا رہتا ہے؟

جواب: بحیرہ مردار (dead sea) کے زیادہ نمکیات کی وجہ سے، نمک اور معدنیات سب سے زیادہ جھیل کے نچلے حصے میں مرکوز ہیں۔ چونکہ ایک شخص کا جسمانی وزن بحیرہ مردار (dead sea) کے کھارے پانی کی ڈینسٹی سے ہلکا ہوتا ہے جس سے آپ کی اچھال بڑھ جاتی ہے اور شخص بحیرہ مردار (dead see) میں تیرتا رہتا ہے۔

(b) ایٹماسفیرک پریشر کی تعریف کریں۔

جواب: کسی سطح کے یونٹ ایریا پر لگنے والے ہوا کے کالم کا وزن ایٹماسفیرک پریشر کہلاتا ہے۔

(c) ہائیڈرولکس کیا ہے؟

جواب: سائنس کی وہ شاخ جو مکینیکل فورس کے ماخذ کے طور پر پائپ کے ذریعے پریشر والے مائعات کی ٹرانسمیشن سے منسلک ہے اسے ہائیڈرولکس کہتے ہیں۔

سوال 3-(a) غیر متوازن فورس کی تعریف کریں۔

جواب: غیر متوازن فورسز کا مطلب ہے کہ ایک سمت میں عمل کرنے والی فورس مخالف سمت میں عمل کرنے والی فورس سے زیادہ ہے۔

(b) اوپر والے سوال میں دکھائے گئے باکس پر لگنے والا پریشر کیا ہوگا اگر اسے چھوٹی سائیڈ پر عمودا کھڑا کیا جائے؟



جواب: 3000 N = وزن = فورس

ایریا = 0.2m × 0.3m = $0.06 m^2$

پریشر = ?

فارمولا:

پریشر = فورس / ایریا

پریشر = $\frac{3000 N}{0.06m^2}$

پریشر = 5000 Nm^{-2}

Unit 09

Reflection and Refraction of Light

○ **Why do we see things in our rooms even if sunlight does not reach there directly?**

Ans. Sunlight does not reach directly in our room, but we can see things in our rooms. This is because of irregular reflection of light. The light scatters in all directions due to irregular reflection.

○ **Why does a pencil appear to bend when it is dipped partially in a glass of water?**

Ans. The bending of pencil in a glass of water is due to refraction.

○ **If Moon is non luminous, how does it appear bright in the night?**

Ans. The moon get its light from the Sun. In the same way that the sun illuminates Earth, The Moon reflects the sun's light, making it appears bright in our sky.

Solved Exercise

Q1. Encircle the correct answer.

(i) **Through which of the following the light travels the fastest?**
(a) Air **(b) Vacuum** (c) Water (d) Prism

(ii) **What is the colour of an object that absorbs all the light that hits it?**
(a) Black (b) Green (c) White (d) Red

(iii) **Which of the following type of mirror can form an image larger than the object?**
(a) Concave (b) Convex (c) Plane (d) All of these

(iv) **Which of the following is true for an image in a plane mirror?**
(a) It is formed when light is blocked by an opaque object
(b) It is formed when light passes through a transparent object.
(c) It is of the same shape, size and colour as the object.
(d) It is always black.

(v) **What happens when light hits a shiny or smooth surface?**
(a) It is disappeared (b) It is refracted
(c) It is absorbed **(d) It is reflected**

(vi) **How is the angle of incidence related to the angle of reflection?**
(a) It is greater (b) It is smaller
(c) It is same (d) none of these

(vii) **Which of the following describes the image of the boy formed by the plane mirror?**
(a) It will be upside down
(b) It will be in front of the mirror
(c) It will be larger than the boy

یونٹ 09

روشنی کی ریفلیکشن اور ریفریکشن

○ ہم اپنے کمرے میں موجود چیزوں کو کیسے دیکھتے ہیں جبکہ سورج کی روشنی براہ راست ان تک نہیں پہنچ پاتی؟

جواب: سورج کی روشنی براہ راست ہمارے کمروں تک نہیں پہنچ پاتی لیکن ہم اپنے کمروں میں موجود چیزیں دیکھ سکتے ہیں۔ یہ روشنی کے بے قاعدہ ریفلیکشن کی وجہ سے ہے بے قاعدہ ریفلیکشن کی وجہ سے روشنی ہر سمت میں پھیل جاتی ہے۔

○ گلاس کے پانی میں ڈوبی ہوئی پنسل ٹیڑھی کیوں نظر آتی ہے؟

جواب: ریفریکشن کی وجہ سے گلاس کے پانی میں پنسل ٹیڑھی نظر آتی ہے۔

○ اگر چاند غیر روشن ہے تو یہ رات کو روشن کیوں نظر آتا ہے؟

جواب: چاند اپنی روشنی سورج سے حاصل کرتا ہے۔ جس طرح سورج زمین کو روشن کرتا ہے۔ چاند سورج کی روشنی کو منعکس کرتا ہے، جس سے یہ ہمارے آسمان میں روشن دکھائی دیتا ہے۔

حل مشق

سوال 1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

(i) مندرجہ ذیل میں سے کس میں سے روشنی سب سے تیز سفر کرتی ہے؟
(a) ہوا **(b) ویکیوم** (c) پانی (d) پرزم

(ii) کسی چیز کا رنگ کیا ہوگا جو تمام روشنی کو جذب کرتا ہے؟
(a) کالا (b) سبز (c) سفید (d) سرخ

(iii) مندرجہ ذیل میں سے کون سا مرر آبجیکٹ سے بڑی امیج بنا سکتا ہے؟
(a) کنکیو (b) کنویکس (c) پلین (d) یہ تمام

(iv) پلین مرر سے بننے والی امیج کے لیے مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے؟
(a) یہ اس وقت بنتا ہے جب روشنی کسی غیر شفاف آبجیکٹ سے روکی جاتی ہے۔
(b) یہ اس وقت بنتا ہے جب روشنی کسی شفاف آبجیکٹ سے گزرتی ہے۔
(c) اس کی شکل، سائز اور رنگ آبجیکٹ کی طرح ہے۔
(d) یہ ہمیشہ کالا ہے۔

(v) جب روشنی کسی چمکدار اور ہموار سطح سے ٹکراتی ہے تو کیا ہوتا ہے؟
(a) یہ غائب ہو جاتی ہے (b) یہ ریفریکٹ ہو جاتی ہے
(c) یہ جذب ہو جاتی ہے **(d) یہ ریفلیکٹ ہو جاتی ہے**

(vi) اینگل آف انسیڈینس کا اینگل آف ریفلیکشن سے کیا تعلق ہے؟
(a) یہ بڑا ہوتا ہے (b) یہ چھوٹا ہوتا ہے
(c) یہ برابر ہوتا ہے (d) ان میں سے کوئی نہیں

(vii) مندرجہ ذیل میں سے کون سا پلین مرر کے ذریعے بننے والے لڑکے کی امیج کو بیان کرتا ہے؟
(a) یہ الٹا ہوگا (b) یہ مرر کے سامنے ہوگا
(c) یہ لڑکے سے بڑا ہوگا
(d) یہ افقی طور پر بائیں سے دائیں الٹ دیا جائے گا

(d) It will be horizontally reversed left to right

Q2. Write short answers.

(i) Write the difference between
(a) transmission and absorption
(b) reflection and refraction

Ans. (a) Difference between transmission and absorption:

Transmission	Absorption
When light falls on transparent objects such as air, water, glass etc. It passes through them unchanged. It is called transmission of light. That is why, we can see across the transparent objects.	When light is absorbed and converted into heat energy, it is called absorption of light. When light falls on an opaque object, most part of the light it absorbed.

(b) Difference between reflection and refraction:

Reflection	Refraction
The bouncing back of light from a smooth shiny surface is called reflection. When We look at the mirror we see our image. It is due to reflection.	The change in direction of light when it enters from one medium to another is called refraction.

(ii) State the laws of reflection.

Ans. Laws of Reflection:

There are two laws of reflection:

1. The angle of incidence is equal to the angle of reflection, i.e. $\angle i = \angle r$
2. The angle of incidence, the angle of reflection and the normal all lie on the same plane.



(iii) What is the dispersion of white light? What is the cause of such dispersion?

Ans. Dispersion of white light: The phenomenon of splitting light into its component colours is called dispersion of light. It is also seen in rainbow.

The cause of dispersion of white light: The light of the Sun looks white but it is a mixture of different colours. When white sunlight passes through a prism, it splits into seven colours due to dispersion. The band of seven colours obtained through dispersion of light is called spectrum. These colours are red, orange, yellow, green, blue,

سوال 2: مختصر جوابات لکھیں۔

(i) مندرجہ ذیل میں فرق تحریر کریں۔

(a) ٹرانسمیشن اور ابزارپشن

(b) ریفلیکشن اور ریفریکشن

جواب: (a) ٹرانسمیشن اور ابزارپشن میں فرق:

ٹرانسمیشن	ابزارپشن
جب روشنی شفاف اشیا جیسے ہوا، پانی، شیشہ وغیرہ پر پڑتی ہے تو یہ ان میں سے بغیر تبدیلی کے گزر جاتی ہے۔ اسے ٹرانسمیشن آف لائٹ کہتے ہیں۔	جب روشنی جذب ہوکر حرارت کی توانائی میں تبدیل ہوتی ہے تو اسے ابزارپشن کہتے ہیں۔ جب روشنی کسی غیر شفاف چیز پر پڑتی ہے تو روشنی کا زیادہ تر حصہ جذب ہوجاتا ہے۔

(b) ریفلیکشن اور ریفریکشن میں فرق:

ریفلیکشن	ریفریکشن
کسی ہموار اور چمکدار سطح سے روشنی کا ٹکرا کر واپس لوٹنا ریفلیکشن کہلاتا ہے۔ جب ہم شیشہ میں دیکھتے ہیں تو ہمیں اپنا امیج دکھائی دیتا ہے یہ ریفلیکشن کی وجہ سے ہوتا ہے۔	روشنی جب ایک میڈیم سے دوسرے میڈیم میں داخل ہوتی ہے تو روشنی کی سمت بدل جاتی ہے، روشنی کی سمت کا بدل جانا ریفریکشن کہلاتا ہے۔

(ii) ریفلیکشن کے قوانین بیان کریں۔

جواب: ریفلیکشن کے قوانین: ریفلیکشن کے دو قوانین ہیں۔

1- اینگل آف انسیڈینس، اینگل آف ریفلیکشن کے برابر ہوتا ہے۔

یعنی $\angle i = \angle r$

2- اینگل آف انسیڈینس، اینگل آف ریفلیکشن اور نارمل سب ایک ہی پلین میں واقع ہوتے ہیں۔



(iii) سفید روشنی کا ڈسپرشن کیا ہے؟ اس طرح کے ڈسپرشن کا کیا سبب ہے؟

جواب: سفید روشنی کا ڈسپرشن: روشنی کو اس کے اجزا کے رنگوں میں تقسیم کرنے کے رجحان کو روشنی کا ڈسپرشن کہتے ہیں۔ یہ ڈسپرشن قوس قزح میں بھی دیکھا جاسکتا ہے۔

سفید روشنی کے ڈسپرشن کا سبب: سورج کی روشنی سفید نظر آتی ہے مگر یہ سفید روشنی مختلف رنگوں کا مکسچر ہے۔ جب سورج کی روشنی کسی پرزم سے گزرتی ہے تو یہ پھیلنے کی وجہ سے سات رنگوں میں تقسیم ہوجاتی ہے۔ روشنی کے ڈسپرشن سے حاصل ہونے والے سات رنگوں کے بینڈ کو سپیکٹرم کہتے ہیں۔ یہ رنگ سرخ، اورنج، پیلا، سبز، نیلا، انڈیگو اور بنفشی ہیں۔

indigo and violet.



(iv) Name the process which is involved in the formation of a rainbow. Which two conditions are necessary for the formation of rainbow?

Ans. A rainbow is a natural demonstration of refraction.

- **Necessary conditions for the formation of rainbow:**

1. Rainbow appears in the sky after a rain.
2. Rainbow is always formed in the direction opposite to that of the Sun.

(v) Describe applications and uses of spherical mirrors in daily life.

Ans. Applications and uses of spherical mirrors in daily life:

1. Concave mirrors are used as shaving mirrors or make up mirrors.
2. Concave mirrors are used by the dentist to examine the teeth of the patient.
3. Concave mirrors are widely used in the headlights of automobiles and motor vehicles, torchlights, railway engines, etc.
4. Convex mirrors are used as rear-view mirrors in vehicles to see the traffic behind for safe driving.
5. Convex mirrors are used as security mirrors in shops.
6. Convex mirrors are used as blind corner mirrors on the roads to help the drivers view traffic around the sharp comvers.
7. Convex mirrors are used in street lamps as reflector. So, the light from the lamps diverges over a large area.

(vi) Give examples of refraction in daily life.

Ans. Examples of refraction in daily life:

1. The twinkling of the stars takes place due to refraction.
2. A fish in water appears to be closer to the surface than it actually is. It is due to the refraction of light rays as they travel from water to air.
3. Due to refraction, a pencil appears to bend when it is dipped partially in a glass of water.

(vii) Name three types of mirrors about which you have studied, and state the characteristics of the image formed in each one of them.

Ans. Types of mirrors:

1. Concave mirror 2. Convex mirror
3. Plane mirror

1. Characteristics of an image formed by concave mirror:

The characteristics of an image depend upon the distance between the object and the mirror.

i. If the object is beyond the principal focus (F), the image formed is real, smaller and upside down



(iv) اس عمل کا نام بتائیں جو قوس قزح کی تشکیل میں شامل ہے۔ کون سی دو شرائط قوس قزح کے بننے کے لیے ضروری ہیں؟

جواب: قوس قزح رفریکشن کا ایک قدرتی مظہر ہے۔

قوس قزح کے بننے کے لیے ضروری شرائط:

1- قوس قزح بارش کے ختم ہونے کے بعد آسمان پر ظاہر ہوتی ہے۔

2- قوس قزح ہمیشہ سورج کے مخالف سمت میں بنتی ہے۔

(v) روزمرہ زندگی میں سفیریکل مررز کے اطلاق اور استعمالات بیان کریں۔

جواب: روزمرہ زندگی میں سفیریکل مررز کے اطلاق اور استعمالات:

روزمرہ زندگی میں سفیریکل مرر مختلف مقاصد کے لیے استعمال ہوتے ہیں:

1- کنکیو مررز شیونگ مررز یا میک اپ مررز کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔

2- دندان ساز کنکیو مررز کو مریض کے دانتوں کا معائنہ کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

3- کنکیو مررز بہت سے آٹوموبائلز، موٹر گاڑیوں، ٹارچ لائٹ، ریلوے انجن وغیرہ کے ہیڈلائٹس میں استعمال ہوتے ہیں۔

4- کونیکس مررز کو گاڑیوں میں پیچھے دیکھنے والے آئینے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے تاکہ محفوظ ڈرائیونگ کے لیے پیچھے کی ٹریفک کو دیکھا جاسکے۔

5- کونیکس مررز دکانوں میں سیکیورٹی مررز کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔

6- کونیکس مررز سڑکوں پر بلائنڈ کارنر مررز کے طور پر استعمال ہوتے ہیں تاکہ ڈرائیوروں کو شارپ کارنرز کے اردگرد ٹریفک دیکھنے میں مدد ملے۔

7- کونیکس مررز کو سٹریٹ لیمپ میں بطور ریفلیکٹر استعمال کیا جاتا ہے۔ لہٰذا روشنی لیمپس سے ایک بڑے رقبے پر پھیلتی ہے۔

(vi) روزمرہ زندگی میں رفریکشن کی مثالیں دیں۔

جواب: روزمرہ زندگی میں رفریکشن کی مثالیں:

1- ستاروں کا ٹمٹمانا بھی رفریکشن کی وجہ سے ہے۔

2- پانی میں موجود مچھلی سطح کے قریب دکھائی دیتی ہے جو اس کی اصل گہرائی کی نسبت قریب ہے۔ یہ روشنی کی رفریکشن کی وجہ سے ہے کیونکہ یہ پانی سے ہوا میں سفر کرتی ہے۔

3- رفریکشن کی وجہ سے ایک پنسل ٹیڑھی نظر آتی ہے جب اسے پانی کے گلاس میں جزوی ڈبویا جاتا ہے۔

(vii) مررز کی تین اقسام کے نام بتائیں جن کے بارے میں آپ نے پڑھا ہے اور ان میں سے ہر ایک میں بننے والی امیج کی خصوصیات بیان کریں۔

جواب: مررز کی اقسام: مررز کی تین اقسام ہیں۔

1- کنکیو مرر 2- کونیکس مرر 3- پلین مرر

1- کنکیو مرر سے بننے والے امیج کی خصوصیات:

کنکیو مرر سے بننے والے امیج کی خصوصیات جسم اور مرر کے درمیان فاصلہ پر منحصر ہیں:

i. اگر جسم پرنسپل فوکس (F) سے پرے (دور) ہو تو بننے والا امیج رئیل، چھوٹا اور الٹا ہوگا۔

(inverted).



ii. If the object is very near to the concave mirror, the image forms behind the mirror. It is virtual, upright and bigger in size.



2- **Characteristics of image formed by convex mirror:**

i. A convex mirror always produces a virtual, upright and smaller image of the object at any distance in front of it

ii. The image is located behind the convex mirror.



3- **Characteristics of image formed by plane mirror:**

i. The image formed is virtual (not real).
ii. The image is laterally inverted (left to right)
iii. It is of the same size as the object.
iv. Distance of image from the mirror will be the same as the distance of the object from the mirror.
v. The image is upright (straight)



Q3. Constructed Response Questions.

(i) How will you use two identical prisms so that a narrow beam of white light incident on one prism emerges out of the second prism as white light?

Ans. By placing two identical prisms inverted with respect to the other, we get a narrow beam of white light incident on one prism and emerging out of the second prism again as white light.





-ii اگر جسم کنکیو مرر کے بہت قریب ہو تو امیج مرر کے پیچھے بنے گی۔ یہ ورچوئل، سیدھی اور سائز میں بڑی ہوگی۔

-2 کنویکس مرر سے بننے والے امیج کی خصوصیات:

-i ایک کنویکس مرر کے سامنے کسی بھی فاصلے پر موجود جسم کا امیج ہمیشہ ورچوئل، سیدھا اور چھوٹا بنتا ہے۔

-ii امیج ہمیشہ کنویکس مرر کے پیچھے بنتا ہے۔



-3 پلین مرر سے بننے والے امیج کی خصوصیات:

-i بننے والا امیج ورچوئل ہوگا۔
-ii بننے والا امیج پہلو سے اُلٹا ہوتا ہے (بائیں سے دائیں)
-iii امیج کا سائز جسم کے سائز کے برابر ہوتا ہے۔
-iv امیج کا مرر سے فاصلہ جسم کا مرر سے فاصلہ کے برابر ہوگا۔
-v امیج سیدھا ہوگا (اوپر سے نیچے)



سوال 3: کنسٹرکٹڈ ریسپانس کوئسچنز

(i) آپ دو ایک جیسے پرزم کا استعمال کیسے کریں گے کہ ایک پرزم پر سفید روشنی کی باریک بیم کے ٹکرانے پر دوسرے پرزم سے سفید روشنی کے طور پر نکلے؟

جواب: دو ایک جیسے پرزم کو ایک دوسرے کے حوالے سے الٹا رکھیں۔ پھر ایک پرزم پر تیز سفید روشنی کی ایک باریک شعاع ڈالیں جو ٹکرانے کے بعد دوسرے پرزم سے دوبارہ سفید روشنی بن کر ابھرے گی۔



(ii) Explain the phenomenon taking into consideration that the angle of incidence is equal to the angle of reflection.

Ans. The angle of incidence is equal to the angle of reflection because the light ray selects the shortest path to reach the distination.
The same behaviour is shown by the light ray when it gets reflected from the plane surface.

(iii) Why the rainbow is not seen at noon even there is Sun in the sky and moisture in the air?

Ans. A rainbow is always produced opposite to the Sun, this explains why rainbows are not seen at noon with the Sun overhead. There needs to be a clear path from the Sun to the rain falling from the cloud. If the Sun is overhead and raining, you are probably standing in the rain with the cloud obscuring the sun.

(iv) Look at the following images:



Real Image | Mirror Image

On vehicles the word **"AMBULANCE"** is written in the form of mirror image. Explain the reason.

Ans. The word AMBULANCE is written laterally inverted in front of the ambulance because when seen in the rearview mirror by another vehicle, the image of the word would get inverted, letting the driver read the word properly so that he can provide the way to the ambulance.

(v) Why dispersion can take place from prism but not through a glass slab?

Ans. The dispersion is caused due to the difference in the angle of deviation for different colours. In the case of a glass slab, the opposite sides are parallel and therefore different colors emerge parallel to each other and are seen simultaneously. Therefore, dispersion does not occur in a glass slab.

(vi) What does make the black words written in a book visible to you?

Ans. Reflection makes the black words written in a book visible to us. Because when light falls on black words, it absorb most of the light and looks visible to us.

Q4. Investigate

(i) Place a black plastic bowl and a white plastic bowl containing the same amount of water in the sunlight. After 15 minutes, check the temperature of both the bowl. Which bowl absorbs more light and which bowl reflects less light?

Ans. A black bowl absorbs all wavelengths of light and converts them into heat, so the bowl gets warm. A white bowl reflects all wavelength of light, so the light is not converted into heat and the temperature of the object does not increase noticeably.

(ii) اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ اینگل آف انسیڈینس اور اینگل آف ریفلیکشن برابر ہوتا ہے۔ اس مظہر کی وضاحت کریں۔

جواب: اینگل آف انسیڈینس، اینگل آف ریفلیکشن کے برابر ہوتا ہے کیونکہ روشنی کی شعاع منزل تک پہنچنے کے لیے مختصر ترین راستے کا انتخاب کرتی ہے۔ روشنی کی شعاع کا اس طرح کا طرزِ عمل اس وقت بھی دکھائی دیتا جب روشنی کی شعاع پلین مرر سے ریفلیکٹ ہو کر آتی ہے۔

(iii) دوپہر کے وقت کیوں قوس قزح نظر نہیں آتی یہاں تک کہ آسمان پر سورج بھی موجود ہے اور ہوا میں نمی بھی ہے؟

جواب: ایک قوس قزح ہمیشہ سورج کے مخالف پیدا ہوتی ہے، یہ بتاتا ہے کہ کیوں قوس قزح دوپہر کے وقت سورج کے اوپری حصے میں نہیں دیکھی جاتی ہے۔ بادل سے گرنے والی بارش کے لیے سورج سے ایک صاف راستہ ہونا ضروری ہے۔ اگر سورج سر پر ہے اور بارش ہو رہی ہے، تو شاید آپ بارش میں سورج کو دھندلا دینے والے بادل کے ساتھ کھڑے ہیں۔

(iv) نیچے دیے گئے امیجز کو دیکھیں۔



ریئل امیج | مرر امیج

گاڑی پر لکھا جانے والا "AMBULANCE" کا لفظ مرر امیج کی طرح لکھا جاتا ہے۔ اس کی وضاحت کریں۔

جواب: AMBULANCE کا لفظ ایمبولینس کے آگے پہلو سے الٹا لکھا جاتا ہے کیونکہ جب دوسری گاڑی کے ریئر ویو مرر میں دیکھا جائے گا تو اس لفظ کی تصویر الٹی ہو جائے گی، جس سے ڈرائیور کو صحیح طریقے سے لفظ پڑھنے کے لیے نظر آئے گا اور وہ ایمبولینس کو راستہ فراہم کر سکے گا۔

(v) ڈسپرشن پرزم میں ہوتا ہے مگر گلاس سلیب میں کیوں نہیں ہوتا؟

جواب: ڈسپرشن مختلف رنگوں کے لیے زاویہ انحراف میں فرق کی وجہ سے ہوتی ہے۔ گلاس سلیب کی صورت میں مخالف سمتیں متوازی ہوتی ہیں، اس لیے مختلف رنگ ایک دوسرے کے متوازی ابھرتے ہیں اور ایک ساتھ نظر آتے ہیں۔ لہٰذا گلاس سلیب میں ڈسپرشن نہیں ہوتی ہے۔

(vi) کتاب میں لکھے ہوئے سیاہ الفاظ آپ کو کیوں کر نظر آتے ہیں؟

جواب: کتاب میں لکھے ہوئے سیاہ الفاظ ہمیں ریفلیکشن کی وجہ سے نظر آتے ہیں۔ کیوں کہ روشنی جب سیاہ الفاظ پر پڑتی ہے تو یہ زیادہ تر روشنی کو اپنے اندر جذب کر لیتی ہے اور ہمیں سیاہ الفاظ دکھائی دیتے ہیں۔

سوال 4: تحقیق کریں۔

(i) ایک سیاہ پیالہ اور ایک سفید پلاسٹک کا پیالہ سورج کی روشنی میں رکھیں جس میں پانی کی مقدار یکساں ہو 15 منٹ کے بعد دونوں پیالوں کا درجہ حرارت چیک کریں۔ کون سا پیالہ زیادہ روشنی جذب کرتا ہے اور کون سا پیالہ کم روشنی کو ریفلیکٹ کرتا ہے؟

جواب: ایک سیاہ برتن روشنی کی تمام ویولینگتھ کو جذب کرتا ہے اور انہیں حرارت میں تبدیل کرتا ہے جس سے برتن گرم ہو جاتا ہے۔ ایک سفید برتن روشنی کی تمام ویولینگتھ کو ریفلیکٹ کرتا ہے جس سے روشنی حرارت میں تبدیل نہیں ہوتی اور برتن کا ٹمپریچر کچھ زیادہ نہیں بڑھتا۔

(ii) A and B are two bodies facing the mirror. They are standing in such a way that A can see B and B can see A. Explain the phenomenon. Make a ray diagram.



Ans. The light rays from A falls on the mirror and gets reflected and reaches B, the light from B falls on the mirror and reflects to reach A. The path of light is just reversed as shown.



Project:

- Make a kaleidoscope by using three plane mirror strips, a hollow tube, colours beads, glue or cellotape.

Ans. Practical Work.

Can you tell?

- Why can you see your reflection in some surfaces and not in others?

Ans. Every surface that is not smooth like metal or glass reflects light in all different directions, so that the light get scattered. We call that "diffuse reflection." It reflects light, but the scattered rays that go off in all different directions cannot produce an image.

- Why we cannot see our images in a plastic sheet clearly?

Ans. We cannot see our image in a plastic sheet clearly because plastic sheet has a rough surface that means diffused reflection takes place. When a beam of light is incident on the plastic sheet, it can reflect at different angles. These multiple reflections scatter the reflecting rays of the image and we lost the image.

- Why a rainbow is only observed after rain fall?

Ans. A rainbow requires water droplets to be floating in the air. That's why we see them right after it rains. The Sun must be behind you and the clouds cleared away from the Sun for the rainbow to appear.

- At what distance your image will be formed behind the mirror if you are standing at a distance of 3 metres from the plane mirror?

Ans. Image will also be formed at a distance of 3 metres behind the mirror.

Activity 9.2

Place an empty clear drinking glass over a piece of a newspaper. When you look through the side of the glass near the bottom, you can see the printing on the newspaper.

- What would happen, if you fill the glass with water? Explain the result.

Ans. If we fill the glass with water, we can also see the printing on the news paper but slightly bigger in size. Because water in glass behave like a lens.

(ii) A اور B دو اجسام ہیں جو آئینے کے سامنے ہیں۔ وہ اس طرح کھڑے ہیں کہ A کو B دیکھ سکتا ہے اور B کو A دیکھ سکتا ہے۔ اس عمل کی وضاحت کریں۔ ایک شعاع کا خاکہ بنائیں۔



جواب: A سے روشنی کی شعاعیں مرر پر پڑتی ہیں اور رفلیکٹ ہو کر B تک پہنچتی ہے۔ B سے روشنی کی شعاعیں مرر پر پڑتی ہیں اور رفلیکٹ ہو کر A تک پہنچتی ہے۔ روشنی کا راستہ بالکل بدل جاتا ہے جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔



پروجیکٹ:

- تین پلین مرر کی پٹیاں، ایک کھوکھلی ٹیوب، رنگین موتی، گلو یا سیلوٹیپ کا استعمال کر کے کلیڈوسکوپ بنائیں۔

جواب: عملی کام۔

کیا آپ بتا سکتے ہیں؟

- آپ اپنا رفلیکشن کچھ سطحوں پر کیوں دیکھ سکتے ہیں اور کچھ پر کیوں نہیں دیکھ سکتے؟

جواب: ہر سطح جو میٹل یا شیشے کی طرح ہموار نہیں ہے۔ روشنی کو تمام سمتوں میں رفلیکٹ کرتی ہے۔ جس سے روشنی بکھر جاتی ہے اسے ہم ڈیفیوژ رفلیکشن کہتے ہیں۔ یہ روشنی کو رفلیکٹ کرتا ہے لیکن بکھری ہوئی شعاعیں جو تمام مختلف سمتوں میں جاتی ہیں وہ امیج نہیں بنا سکیں۔

- ہم پلاسٹک شیٹ میں اپنی تصاویر کو واضح طور پر کیوں نہیں دیکھ سکتے؟

جواب: ہم پلاسٹک شیٹ میں اپنی تصاویر واضح طور پر نہیں دیکھ سکتے کیونکہ پلاسٹک شیٹ کی سطح کھردری ہوتی ہے۔ جس کا مطلب ہے کہ ڈیفیوژڈ رفلیکشن ہوتی ہے۔ جب سفید روشنی پلاسٹک شیٹ پر پڑتی ہے تو اسے مختلف زاویوں پر رفلیکٹ کر سکتی ہے۔ یہ ملٹی پل رفلیکشن، امیج کی رفلیکٹنگ شعاعوں کو بکھیر دیتے ہیں اور ہم امیج نہیں دیکھ پاتے۔

- رین بو یا قوس قزح صرف بارش برسنے کے بعد ہی کیوں نظر آتی ہے؟

جواب: قوس قزح کو ہوا میں تیرنے کے لیے پانی کے قطروں کی ضرورت ہوتی ہے اس لیے ہم انہیں بارش کے فوراً بعد دیکھتے ہیں۔ اس کے لیے سورج آپ کے پیچھے ہونا چاہیے اور قوس قزح کے نمودار ہونے کے لیے بادلوں کو سورج سے دور ہونا چاہیے۔

- آپ کا امیج مرر کے پیچھے کتنے فاصلہ پر بنے گا اگر آپ مرر سے 3 میٹر کے فاصلے پر کھڑے ہوں؟

جواب: مرر کے پیچھے امیج بھی 3 میٹر کے فاصلہ پر بنے گا۔

سرگرمی 9.2

اخبار کے ایک ٹکڑے کے اوپر ایک خالی صاف پینے کا گلاس رکھیں۔ جب آپ شیشے کے نیچے کے کنارے سے دیکھیں گے تو آپ اخبار پر پرنٹنگ دیکھ سکتے ہیں۔

- اگر آپ گلاس کو پانی سے بھر دیں گے تو کیا ہوگا؟ نتیجہ کی وضاحت کریں۔

جواب: اگر ہم گلاس کو پانی سے بھر دیں تو بھی ہم اخبار کی پرنٹنگ دیکھ سکتے ہیں مگر اب سائز میں تھوڑا پرنٹ بڑا نظر آئے گا کیونکہ گلاس میں موجود پانی ایک لینز کا کام کر رہا ہے۔

OBJECTIVE TYPE QUESTIONS

Multiple Choice Questions (MCQ's) Taken From Previous Term Wise Papers (First Term, Second Term & Annual) of PEC.

○ Choose the correct answer.

1. Twinkling of stars is an example of: (Second Term 23)
   (a) refraction (b) reflection
   (c) diffraction (d) dispersion
2. What is the third colour in the spectrum when splitting of white light occurs? (Second Term 23)
   (a) Blue (b) Yellow (c) Orange (d) Violet
3. The image formed by the covex mirror is always: (Second Term 23)
   (a) real and inverted (b) virtual and inverted
   (c) erect and virtual (d) erect and real
4. When we drive, which property of light enables us to see in the side mirrors? (Second Term 23)
   (a) Refraction **(b) Reflection**
   (c) Transmission (d) Absorption
5. When light falls on transparent object, it passes through them. This phenomenon is called: (Second Term 23)
   (a) transmission (b) absorption
   (c) diffraction (d) dispersion
6. Why does a black shirt appear black? (Second Term 23)
   (a) It reflects all light
   (b) It reflects only black colour
   (c) It absorbs all light
   (d) It absorbs only black colour
7. Which phenomena is used to see the fish underwater? (Second Term 23)
   (a) Reflection **(b) Refraction**
   (c) Diffraction (d) Dispersion
8. A ray of light parallel to the principal axis passes through ______ of the spherical mirror after reflection. (Second Term 23)
   (a) center of curvature (b) focal length
   (c) principal axis **(d) principal focus**
9. Which of the following is NOT an example of refraction? (Second Term 23)
   (a) Twinkling of stars (b) Rainbow after rain
   (c) Formation of shadow
   (d) Seeing fish underwater
10. The center of the spherical surface whose part is the covex or concave mirror is called: (Second Term 23)
    (a) principal axis (b) principal focus
    (c) focal length **(d) center of curvature**
11. The given ray diagram shows the image formed by a concave mirror. Which of the following is the correct characteristic of the image? (Final Term 23)

معروضی طرز سوالات

PEC کے ٹرم وائز امتحانات (فرسٹ ٹرم، سیکنڈ ٹرم اور سالانہ) کے سابقہ پیپرز سے لیے گئے کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

○ درست جواب کا انتخاب کریں۔

-1 ستاروں کا چمکنا کس عمل کی مثال ہے: (Second Term 23)
(a) ریفریکشن (b) ریفلیکشن (c) ڈفریکشن (d) ڈسپرشن

-2 جب سفید روشنی رنگوں میں بٹتی ہے تو سپیکٹرم میں تیسرا رنگ کون سا نظر آتا ہے۔ (Second Term 23)
(a) نیلا (b) پیلا (c) نارنجی (d) بنفشی

-3 کنویکس مرر سے بننے والا امیج ہمیشہ ہوتا ہے: (Second Term 23)
(a) حقیقی اور الٹا (b) ورچوئل اور الٹا
(c) ورچوئل اور سیدھا (d) سیدھا اور حقیقی

-4 روشنی کی کون سی خاصیت کی وجہ سے ہم ڈرائیونگ کے دوران سائیڈ مرر میں دیکھ سکتے ہیں؟ (Second Term 23)
(a) ریفریکشن **(b) ریفلیکشن** (c) ٹرانسمیشن (d) ابزارپشن

-5 جب روشنی شفاف جسم پر پڑتی ہے تو اس میں سے گزر جاتی ہے اس مظہر کو کہتے ہیں: (Second Term 23)
(a) ٹرانسمیشن (b) ابزارپشن (c) ڈفریکشن (d) ڈسپرشن

-6 ایک کالی شرٹ کا رنگ کالا کیوں نظر آتا ہے؟ (Second Term 23)
(a) یہ تمام روشنی کو ریفلیکٹ کرتی ہے (b) یہ صرف کالے رنگ کو ریفلیکٹ کرتی ہے
(c) یہ تمام روشنی کو جذب کر لیتی ہے (d) یہ صرف کالا رنگ جذب کرتی ہے

-7 کس مظہر کے ذریعے ہم پانی کے نیچے مچھلی کو دیکھ سکتے ہیں؟ (Second Term 23)
(a) ریفلیکشن **(b) ریفریکشن** (c) ڈفریکشن (d) ڈسپرشن

-8 روشنی کی ایک شعاع جو پرنسپل کے برابر ہوتی ہے ریفلیکشن کے بعد سفیریکل مرر کے ______ سے گزرتی ہے۔ (Second Term 23)
(a) سینٹر آف کروچر (b) فوکل لینگتھ
(c) پرنسپل ایکسز **(d) پرنسپل فوکس**

-9 مندرجہ ذیل میں سے کون سی رفریکشن کی مثال نہیں ہے؟ (Second Term 23)
(a) ستاروں کا ٹمٹمانا (b) بارش کے بعد قوسِ قزح
(c) سائے کا بننا (d) پانی میں مچھلی کا نظر آنا

-10 گول سطح کا مرکز جس کا حصہ کنویکس یا کنکیو مرر ہوتا ہے، کہلاتا ہے: (Second Term 23)
(a) پرنسپل ایکسز (b) پرنسپل فوکس
(c) فوکل لینگتھ **(d) سینٹر آف کروچر**

-11 دی گئی رے ڈایاگرام میں کنکیو مرر سے بننے والا امیج دکھایا گیا ہے۔ مندرجہ ذیل میں سے امیج کی درست خصوصیت کون سی ہے؟ (Final Term 23)



(a) Virtual and inverted **(b)** Real and smaller
(c) Real and bigger (d) Virtual and erect

12. **Light travels at the fastest speed through:** (Final Term 23)
(a) air (b) water (c) glass **(d)** space

13. **Why do we see black colour although black colour is not a part of spectrum of light?** (Final Term 23)
(a) It absorbs all colours (b) It rflects all colours
(c) It reflects white colour (d) It absorbs white colour

14. **The shadow of the tree is formed in the water.** (Final Term 23)
(a) dispersion (b) refraction
(c) reflection **(d)** diffraction

Short Answer Questions (CRQ's)
Taken From Previous Term Wise Papers
First Term, Second Term & Annual of PEC

○ **Give short answers.**

Q1. (a) Write the laws of reflection. (Second Term 23)

Ans. 1. The angle of incidence is equal to the angle of reflection.
2. The angle of incidence, angle of reflection and the normal all lie in the same plane.

(b) Define reflection and transmission of light. (Second Term 23)

Ans. Reflection: The bouncing back of light from a smooth shiny surface is called reflection.
Transmission: When light falls on transparent objects such as air, water, glass, etc., it passes through them unchanged. It is called transmission.

(c) What is the role of refraction in the twinkling of stars? (Second Term 23)

Ans. In reality, the stars do not twinkle but they appear to twinkle when they are seen from the surface of the Earth. The twinkling of stars takes place due to refraction. The starlight rays pass from the stars to the Earth. In between they have to pass through a vacuum and atmosphere. The atmosphere contains different layers of air having different densities and temperatures. Due to this, the starlight rays bend many times in random directions before they reach Earth. Hence the stars look twinkling.

Q2. (a) Define reflection. (Second Term 23)

Ans. Reflection occurs when the ray of light strikes a smooth and shiny surface and bounces off in a particular direction.

(b) What is a plane mirror? Explain image formation by a plane mirro. (Second Term 23)

Ans. A plane mirror is a smooth flat reflecting surface made up of a sheet of glass with a shiny metallic coating on the back.
Explanation: A plane mirror shows the image of



(a) ورچوئل اور الٹا **(b)** حقیقی اور چھوٹا
(c) حقیقی اور بڑا (d) ورچوئل اور سیدھا

12- روشنی کی رفتار سب سے زیادہ کس میں ہوتی ہے؟ (Final Term 23)
(a) ہوا (b) پانی (c) گلاس **(d)** خلا

13- ہمیں سیاہ رنگ کیوں دکھائی دیتا ہے جبکہ سیاہ رنگ روشنی کے سپیکٹرم کا حصہ نہیں ہے؟ (Final Term 23)
(a) یہ تمام رنگوں کو جذب کرتا ہے (b) یہ تمام رنگوں کو ریفلیکٹ کرتا ہے
(c) یہ سفید رنگ کو ریفلیکٹ کرتا ہے (d) یہ سفید رنگ کو جذب کرتا ہے

14- درخت کے سایہ پانی میں بنتا ہے۔ اس کی وجہ روشنی کی ______ ہے۔ (Final Term 23)
(a) ڈسپرشن (b) ریفریکشن (c) ریفلیکشن **(d)** ڈفریکشن

PEC کے گزشتہ امتحانات (فرسٹ ٹرم، سیکنڈ ٹرم اور اینول)
کے پرچوں سے لیے گئے مختصر جوابی سوالات (CRQ's)

○ مندرجہ ذیل کے مختصر جوابات دیں۔

سوال 1- (a) ریفلیکشن کے قوانین لکھیں۔ (Second Term 23)

جواب 1- اینگل آف انسیڈنس اور اینگل آف ریفلیکشن دونوں برابر ہوتے ہیں۔
2- اینگل آف ریفلیکشن، اینگل آف انسیڈنس اور نارمل ایک ہی پلین پر واقع ہوتے ہیں۔

(b) روشنی کی ریفلیکشن اور ٹرانسمیشن کی تعریف کریں۔ (Second Term 23)

جواب ریفلیکشن: روشنی کا کسی چمکدار سطح سے ٹکرا کر واپس لوٹنا ریفلیکشن کہلاتا ہے۔
ٹرانسمیشن: جب روشنی شفاف اشیا جیسے ہوا، پانی، شیشہ وغیرہ پر پڑتی ہے تو یہ ان میں سے بغیر تبدیلی کے گزر جاتی ہے اسے ٹرانسمیشن کہتے ہیں۔

(c) ستاروں کے چمکنے میں ریفریکشن کا کیا کردار ہے؟ (Second Term 23)

جواب درحقیقت ستارے چمکتے نہیں ہیں لیکن جب وہ زمین کی سطح سے نظر آتے ہیں تو وہ چمکتے نظر آتے ہیں۔ ستاروں کا چمکنا ریفریکشن کی وجہ سے ہوتا ہے۔ ستاروں کی روشنی کی کرنیں ستاروں سے زمین تک جاتی ہیں۔ درمیان میں انہیں خلا اور فضا سے گزرنا پڑتا ہے۔ فضا میں ہوا کی مختلف تہیں ہوتی ہیں جن کی ڈینسٹی اور ٹمپریچر مختلف ہوتے ہیں۔ اس کی وجہ سے ستاروں کی شعاعیں زمین تک پہنچنے سے پہلے کئی بار بے ترتیب سمت میں جھک جاتی ہیں۔ اس لیے ستارے چمکتے نظر آتے ہیں۔

سوال 2- (a) ریفلیکشن کی تعریف کریں۔ (Second Term 23)

جواب جب روشنی کی شعاع ایک ہموار اور چمکدار سطح سے ٹکرانے کے بعد واپس ایک خاص سمت میں مڑتی ہے تو اس عمل کو ریفلیکشن کہتے ہیں۔

(b) پلین مرر سے کیا مراد ہے؟ پلین مرر سے امیج بننے کے عمل کی وضاحت کریں۔ (Second Term 23)

جواب پلین مرر شیشے کی شیٹ سے بنی ایک ہموار اور ریفلیکٹنگ سطح ہے جس کی پشت پر چمکدار دھاتی کوٹنگ ہوتی ہے۔

وضاحت: پلین مرر اس آبجیکٹ کا امیج دکھاتا ہے جو اس کے سامنے رکھا ہوتا ہے۔ مرر میں امیج کی ظاہری شکل کو ریفلیکشن کہتے ہیں۔ مرر کے سامنے رکھے ہوئے آبجیکٹ سے آنے والی روشنی ریفلیکٹنگ سطح سے ٹکراتی ہے اور واپس مڑتی ہے تو ریفلیکشن واقع ہوتا ہے۔

the object that is placed in front of it. The appearance of an image in the mirror is called a reflection. The reflection happens when light (incident ray) coming from the object placed in front of the mirror hits the reflecting surface (mirror) and bounces off.

Q3.(a). Define spherical mirror. (Final Term 23)

Ans. A spherical mirror is a type of mirror that has the shape of a piece cut out of a spherical surface.

(b) Write any three differences between concave and convex mirror. (Second Term 23)

Ans. Concave Mirror	Convex Mirror
1. Concave mirror is like the inside of a spoon.	1. Convex mirror is like the outside of the spoon.
2. Its inner curved surface is reflecting.	2. Its outer curved surface is reflecting.
3. It produces images smaller, larger, or the same size as the object.	3. It produces smaller images.
4. Images appear inverted and real.	4. Images always appear erect and virtual.

(c) Write any seven uses of spherical mirrors in daily life. (Second Term 23)

Ans. 1. Concave mirrors are used as shaving mirrors or make-up mirrors.
2. Concave mirrors are used by the dentist to examine the teeth of the patient.
3. Concave mirrors are widely used in the headlights of automobiles and motor vehicles, torch lights, railway engines, etc.
4. Convex mirrors are used as rear-view mirrors in vehicles to see the traffic behind them for safe driving.
5. Convex mirrors are used as security mirrors in shops.
6. Convex mirrors are used as blind corner mirrors on the road to help the drivers view traffic around the sharp corners.
7. Convex mirrors are used in street lamps as a reflector. So, the light from the lamps diverges over a large area.

Q4. (a) What is meant by the transmission of light? (Second Term 23)

Ans. When light falls on transparent objects such as air, water, glass, etc., it passes through them unchanged. It is called the transmission of light.

(b) How refraction occurs in different mediums? Explain with an example. (Second Term 23)

Ans. Normally light travels in a straight line. However, it is refracted at the boundary between air and any other transparent material. For example, when light passes from air to glass or water, it bends towards the normal. The angle of incidence is greater than the angle of refraction. When light passes from water or glass to air it bends away from the normal. In this case, the angle of refraction is greater than the angle of incidence.

سوال 3- (a) سفیریکل مرر کی تعریف کریں۔ (Final Term 23)

جواب سفیریکل مرر: سفیریکل مرر، مرر کی ایک قسم ہے جس کی شکل کروی سطح سے کٹے ہوئے ٹکڑے کی طرح ہوتی ہے۔

(b) کنکیو اور کونیکس مرر کے درمیان کوئی سے تین فرق لکھیں۔ (Second Term 23)

جواب کنکیو مرر	کونیکس مرر
1- کنکیو مرر چمچ کے اندرونی حصے کی طرح ہوتا ہے۔	1- کونیکس مرر چمچ کے بیرونی حصے کی طرح ہوتا ہے۔
2- اس کی اندرونی سفیریکل سطح ریفلیکٹ کرتی ہے۔	2- اس کی بیرونی سفیریکل سطح ریفلیکٹ کرتی ہے۔
3- یہ چھوٹے، بڑے یا جسم کے سائز کے برابر امیجز بناتا ہے۔	3- یہ چھوٹے امیجز بناتا ہے۔
4- امیجز الٹے اور حقیقی نظر آتے ہیں۔	4- امیجز ہمیشہ سیدھے اور ورچوئل دکھائی دیتے ہیں۔

(c) روزمرہ زندگی میں سفیریکل مررز کے کوئی سے سات استعمالات لکھیں۔

جواب 1- کنکیو مررز شیونگ مررز یا میک اپ مررز کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔
2- دانتوں کا ڈاکٹر مریض کے دانتوں کا معائنہ کرنے کے لیے کنکیو مررز استعمال کرتا ہے۔
3- کنکیو مررز بڑے پیمانے پر آٹوموبائل اور موٹر گاڑیوں کی ہیڈ لائٹس، ٹارچ لائٹس، ریلوے انجن وغیرہ میں استعمال ہوتے ہیں۔
4- کونیکس مررز گاڑیوں میں ریئر ویو مررز کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ تاکہ محفوظ ڈرائیونگ کے لیے ان کے پیچھے ٹریفک کو دیکھا جا سکے۔
5- کونیکس مررز دکانوں میں حفاظتی مررز کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔
6- کونیکس مررز کو سڑک پر بلائنڈ کونے کے مررز کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے تاکہ ڈرائیورز کو تیز کونوں کے ارد گرد ٹریفک دیکھنے میں مدد ملے۔
7- کونیکس مررز سٹریٹ لیمپ میں بطور ریفلیکٹر استعمال ہوتے ہیں۔ لہٰذا، لیمپس کی روشنی ایک بڑے رقبے پر پھیل جاتی ہے۔

4- (a) روشنی کی ٹرانسمیشن سے کیا مراد ہے؟ (Second Term 23)

جواب: جب روشنی شفاف آبجیکٹس پر پڑتی ہے تو یہ ان میں سے بغیر تبدیلی کے گزر جاتی ہے جیسا کہ ہوا، پانی، شیشہ وغیرہ۔ اس عمل کو روشنی کی ٹرانسمیشن کہا جاتا ہے۔

(b) مختلف میڈیمز میں ریفریکشن کیسے واقع ہوتی ہے؟ مثال کے ساتھ وضاحت کریں۔ (Second Term 23)

جواب: عام طور پر روشنی سیدھی لائن میں سفر کرتی ہے۔ تاہم یہ ہوا اور کسی دوسرے شفاف میٹریل میں ریفریکٹ ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر جب روشنی ہوا سے ہوتی ہوئی گلاس یا پانی میں سے گزرتی ہے تو یہ نارمل کی طرف مڑ جاتی ہے اور اینگل آف انسیڈنس اینگل آف ریفریکشن سے بڑا ہوتا ہے۔ جب روشنی پانی یا گلاس سے ہوتی ہوئی ہوا میں جاتی ہے تو یہ نارمل سے دور مڑ جاتی ہے۔ اور اینگل آف ریفریکشن اینگل آف انسیڈنس سے بڑا ہوتا ہے۔

Unit 10

Electricity and Magnetism

○ What does make the charge flow in a circuit?

Ans. Charge will not flow in a circuit unless there is an energy source capable of creating a potential difference and unless there is a closed conducting loop through which the charge can move. And electricity is produced by the flow of charges.

○ Why does the filament in an electric bulb glow when electric current passes through it?

Ans. There is a filament in the bulb, which has high resistance for current. Hence, when we pass the current through the filament, the filament blocks the path of the current due to high resistance and due to more and more incoming current and less outgoing current, the filament gets heated up and it starts to glow.

○ What is the difference in the working principles of electric generator and electric motor?

Ans. An electric motor converts electricity into mechanical energy, providing a power source for machinery. A generator does the opposite of this, converting mechanical energy into electricity.

Solved Exercise

Q1. Encircle the correct option.

(i) An electric circuit is the path along which:
(a) electrons revolve around the nucleus of an atom.
(b) electric charge flows.
(c) magnetic lines of force move.
(d) electric motors move.

(ii) A closed circuit is the:
(a) complete path of electric current.
(b) incomplete path of electric current.
(c) broken path of electric current.
(d) none of the above.

(iii) Which of the following is non-magnetic substance?
(a) Iron (b) Steel **(c)** Silver (d) Nickel

(iv) Which of the following is a magnetic substance?
(a) Glass (b) Marble (c) Gold **(d)** Cobalt

(v) The best material to be used as a core in the coils for making electromagnet is:
(a) rubber (b) plastic (c) steel **(d)** soft iron

یونٹ 10

الیکٹریسٹی اور میگنیٹزم

○ ایک سرکٹ میں چارج کا بہاؤ کیسے ہوتا ہے؟

جواب: چارج ایک سرکٹ میں اس وقت تک نہیں بہے گا جب تک کہ کوئی انرجی کا ذریعہ نہ ہو جو پوٹینشل ڈفرینس پیدا کرنے کے قابل ہو اور جب تک کہ کوئی کلوزڈ کنڈکٹنگ لوپ نہ ہو جس کے ذریعے چارج حرکت کر سکے اور چارج کے بہنے سے الیکٹریسٹی بنتی ہے۔

